Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | منگل ، 13 اکتوبر 2026ء ،یکم جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 171

پی ٹی آئی نے احتجاج کی جعلی ویڈیو پھیلائیں، عظمیٰ بخاری

جامشورو کے بوائکر حادثے، جنتر منتر کے احتجاج کی ویڈیوز پشاور اور اسلام آباد سے منسوب کی گئیں، جعلی لیڈرشپ، جعلی انقلاب، جعلی احتجاج!، اگلی بار چاند پر بھی جلسہ کروادینا، ناسا والی ویڈیو لگادینا

جس صوبائی حکومت کے زیر سایہ دہشت گرد محفوظ ہوں، پولیس نہتی اور عوام کو ان کے رحم وکرم پہ چھوڑ دیا جائے وہاں ایمرجنسی ہی ہوتی ہے' وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری پی ٹی آئی کی جانب سے احتجاج کی فیک ویڈیوز کی حقیقت سامنے لے آئیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ جامشورو میں ایک بوائکر کی پرانی ویڈیو کو پشاور احتجاج سے منسوب کیا گیا، ایک بھارتی شہری اشوک سوان نے جنتر منتر کے احتجاج کی ویڈیو کو اسلام آباد احتجاج کی ویڈیو سے منسوب کیا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 35)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف پنجاب کے پہلے سوشل سکیورٹی موبائل ہیلتھ سسٹم کا افتتاح کررہی ہیں۔

تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن، متعدد ٹرک سامان ضبط

ڈھوک سیداں روڈ، مصریال روڈ، پیپلز کالونی اور گرجا روڈ پر کارروائی

ضبط شدہ سامان سٹور منتقل، آپریشن سی ای او کینٹ بورڈ کی ہدایات پر کیا گیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹ کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے کینٹ بورڈ کی جانب سے بھرپور آپریشن کیا گیا۔ سی ای او کینٹ بورڈ کی خصوصی ہدایات پر انفورسمنٹ انچارج کی نگرانی میں ڈھوک سیداں روڈ، ٹینچ بھاٹہ، پیپلز کالونی، (بقیہ نمبر 9)

انکم ٹیکس گوشواروں میں غلطی پر جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ

معلومات کی تصدیق اور ممکنہ بے ضابطگیوں کی نشاندہی کیلئے مصنوعی ذہانت سے بھی مدد حاصل کی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے انکم ٹیکس گوشواروں میں غلط معلومات فراہم کرنے، اثاثے چھپانے اور ریکارڈ میں ردوبدل کرنے والوں کے خلاف جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع ایف (بقیہ نمبر 38)

عدالتوں سے باہر تنازعات کے فوری تصفیے کیلئے اتھارٹی قائم

وزیراعلیٰ پنجاب اتھارٹی کی چیئرپرسن ہوں گی، مختلف شعبوں کے ماہرین کو بطور ممبران مقرر کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں عدالتوں سے باہر تنازعات کے فوری تصفیے کے لئے الٹرنیٹیو ڈسپیوٹ ریزولوشن اتھارٹی (اے ڈی آر اے) قائم کردی گئی۔ نئی اتھارٹی کے ذریعے عوام اور حکومت سمیت مختلف فریقین (بقیہ نمبر 37)

مشاق تربیتی طیارہ حادثے کا شکار، 2 پائلٹس شہید

شہداء میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد اور زیر تربیت پائلٹ کیپٹن عبدالصمد شامل ہیں

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے ایوی ایشن ونگ کا مشاق تربیتی طیارہ حادثے کا شکار ہوگیا، حادثے میں دونوں پائلٹس شہید ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے (بقیہ نمبر 36)

وزیراعلیٰ مریم نواز کا پنجاب کے مزدور کیلئے تحفہ، صحت کی سہولت فیکٹری اور گھر تک پہنچ گئی، 65 موبائل ہسپتال اور بائیکس پر مشتمل موبائل ہیلتھ پروگرام شروع

سوشل سکیورٹی موبائل ہیلتھ پروگرام کا افتتاح

موبائل ہیلتھ پروگرام سے لاہور، قصور اور شیخوپورہ میں 46 لاکھ سے زائد صنعتی ورکرز اور ان کے خاندان کا علاج ان کی دہلیز پر ہوگا

گوجرانوالہ، سیالکوٹ، گجرات، فیصل آباد، سرگودھا، ساہیوال، ملتان، ڈی جی خان، بہاولپور اور راولپنڈی میں سوشل سکیورٹی موبائل ہیلتھ پروگرام مارچ 2027 تک کا ہدف

وزیراعلیٰ کا سوشل سکیورٹی موبائل ہسپتال، موبائل ڈینٹل ہسپتال، بائیک اور سکوٹیز کا معائنہ، نواز شریف سوشل سکیورٹی ہسپتال کے اوپی ڈی اور رحمتہ اللعالمین کارڈیک سینٹر کا دورہ

24 سوشل سکیورٹی ہسپتالوں میں ایک کروڑ سے زائد صنعتی ورکرز اور ان کے اہل خانہ کا بہترین علاج اور ادویات فراہم کررہے ہیں' مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے مزدور کیلئے صحت کی سہولیات فیکٹری اور گھر کی دہلیز تک پہنچادیں۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ 65 موبائل ہسپتال اور بائیکس پر مشتمل موبائل ہیلتھ پروگرام شروع ہوگیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سوشل سکیورٹی موبائل ہیلتھ پروگرام کا افتتاح کیا۔ موبائل ہیلتھ پروگرام سے لاہور، قصور اور شیخوپورہ میں 46 لاکھ سے زائد صنعتی ورکرز اور ان کے خاندان کا علاج ان کی دہلیز پر ہوگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مارچ 2027 تک گوجرانوالہ، سیالکوٹ، گجرات، فیصل آباد، سرگودھا، ساہیوال، ملتان، مظفر گڑھ، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور، رحیم یار خان اور راولپنڈی میں سوشل سکیورٹی موبائل ہیلتھ پروگرام شروع کرنے کا (بقیہ نمبر 15)

صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کیلئے اہم اجلاس

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز جنید عالم کی زیر صدارت اہم اجلاس

راولپنڈی (این ای این) ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے اور درپیش مسائل کے حل کے لیے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز جنید عالم کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز، چیف (بقیہ نمبر 39)

محمود اچکزئی کی تحریک تحفظ آئین کے رہنماؤں کو اسلام آباد پہنچنے کی ہدایت

اسلام آباد (آئی آئی پی) چیئرمین تحریک تحفظ آئین محمود خان اچکزئی کا الائنس میں شامل تمام جماعتوں سے رابطہ، جلد از جلد اسلام آباد پہنچنے کی ہدایت کردی۔ اپوزیشن (بقیہ نمبر 40)

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف ایکسپریس وے ایسٹ منصوبے کے دورہ کے موقع کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت دے رہے ہیں

چیئرمین سی ڈی اے کا ایکسپریس وے ایسٹ منصوبے کا دورہ، کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت

ایکسپریس وے کے اطراف غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کریک ڈاؤن، 58 عمارتیں سیل، 124 مسماری کیلئے مختص

انفورسمنٹ آپریشن میں 25 کروڑ روپے سے زائد کی وصولی، قواعد کی خلاف ورزی پر بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی، سہیل اشرف

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کے اسلام آباد کو ایک ترقی یافتہ، خوبصورت اور جدید دارالحکومت بنانے کے وژن کے تحت شہر بھر میں ترقیاتی سرگرمیاں تیزی سے جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف نے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ منصوبے کا دورہ کیا اور جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت اور معیار کا (بقیہ نمبر 10)

پنجاب سی ایم ای بائیکس سکیم 13 لاکھ سے زائد نوجوانوں کی رجسٹریشن

ایک لاکھ نوجوانوں کو قرعہ اندازی کے ذریعے ای بائیکس ملیں گی، ماہانہ قسط 3 ہزار روپے مقرر

پنجاب میں نوجوانوں، بالخصوص طالبات کو آگے بڑھنے کیلئے تمام تر وسائل مہیا کئے جائیں گے' مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سی ایم ای بائیکس سکیم میں نوجوانوں کی بھرپور دلچسپی سامنے آئی ہے۔ حکومتی اعلامیے کے مطابق سکیم کے تحت 13 لاکھ سے زائد نوجوانوں نے رجسٹریشن کروائی جبکہ 6 لاکھ 7 ہزار سے زائد درخواستیں جمع کرائی جا چکی ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے متعلقہ حکام کو سکیم کا پراسیس جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوانوں کو سفری (بقیہ نمبر 14)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سوشل سکیورٹی موبائل ہیلتھ سسٹم کی افتتاحی تقریب میں بائیک پر متعین ہیلتھ ورکر سے گفتگو کررہی ہیں

750 روپے والے بانڈز کی قرعہ اندازی 15 اکتوبر کو ہوگی

پرائز بانڈز کے انعام پر ود ہولڈنگ ٹیکس کٹوتی کی جائے گی

لاہور (این این آئی) 750 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی 15 اکتوبر کو راولپنڈی میں ہوگی۔ پہلا انعام 15 لاکھ روپے کا ایک، دو سرے (بقیہ نمبر 50)

لاہور: مینیجنگ ڈائریکٹر نیشنل گرڈ پاکستان انجینئر الطاف حسین ملک اور چیئرمین ٹیوٹا بریگیڈیئر (ر) محمد ساجد کھوکھر مفاہمتی یادداشت پر دستخط کررہے ہیں

252 واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب کا منصوبہ، لاگت 1 ارب 47 کروڑ روپے

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت اجلاس میں صاف پانی کے منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

منصوبہ 30 نومبر 2026ء تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر، منصوبے پر 63 فیصد فزیکل اور 59 فیصد مالی پیش رفت ہو چکی ہے

ڈپٹی کمشنر نے واٹر فلٹریشن پلانٹس کی بحالی، مؤثر نگرانی اور شہریوں کو معیاری پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت پنجاب صاف پانی اتھارٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع راولپنڈی میں صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی فراہمی کے منصوبوں پر پیش رفت، واٹر فلٹریشن پلانٹس کی بحالی اور آپریشن و مینٹیننس کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ضلع راولپنڈی کی پانچ تحصیلوں میں مجموعی طور پر 252 واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب کا منصوبہ جاری ہے، جس پر 1 ارب 47 کروڑ روپے لاگت آئے گی۔ منصوبے پر 30 نومبر 2026 تک کام مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ (بقیہ نمبر 13)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نواز شریف سوشل سکیورٹی ہسپتال کے رحمتہ اللعالمین کارڈیالوجی وارڈ میں زیر علاج مریضہ کی عیادت کررہی ہیں

پنجاب کے 239 سرکاری ہسپتالوں کا دوسرا فائر سیفٹی آڈٹ مکمل

691 فائر ہائیڈرنٹس نصب، 225 ہسپتالوں میں سیفٹی مینیجرز تعینات

لاہور (این این آئی) پمز واقعے کے بعد پنجاب بھر کے سرکاری ہسپتالوں کا دوسرا فائر سیفٹی آڈٹ مکمل کرلیا گیا، جس میں حفاظتی اقدامات کے تمام 7 پیمانوں پر بہتری ریکارڈ کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں پہلے آڈٹ کے مقابلے کے 239 سرکاری (بقیہ نمبر 51)

بلوچستان کے علاقے قمچ میں ٹرک کی ویگن کو ٹکر، 9 افراد جاں بحق

کوئٹہ (آئی آئی پی) بلوچستان کے علاقے قمچ میں ٹرک اور ویگن کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 9 افراد جاں بحق اور 19 زخمی ہوگئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ٹرک کی ٹکر سے ویگن کھائی میں جا گری، جس کے نتیجے (بقیہ نمبر 41)

پنجاب حکومت کا صفائی ورکرز کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر سخت فیصلہ

26 تحصیلوں میں صفائی فرمز کے کنٹریکٹ منسوخ کردیئے گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صفائی میں غفلت اور ورکرز کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر سخت اقدام کرتے ہوئے 26 تحصیلوں میں صفائی فرمز کے کنٹریکٹ منسوخ کردیئے گئے۔ حکومت نے متعلقہ تحصیلوں میں 90 روزہ سیلف آپریشن شروع کرنے کی ہدایت کردی جس کے تحت صفائی کا نظام عارضی طور پر سرکاری انتظام میں چلایا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ناقص کارکردگی اور انتظامی بدانتظامی کی شکایات پر پہلے مرحلے میں (بقیہ نمبر 42)

وزیراعلیٰ پنجاب یوتھ گیمز 2026ء کی رجسٹریشن تیز کرنے کی ہدایت

یوتھ گیمز کی رجسٹریشن کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس، اب تک مجموعی طور پر 134,018 رجسٹریشنز مکمل ہو چکی ہیں

ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن کاشف حسین کی آئندہ تین روز میں رجسٹریشن کے عمل میں نمایاں پیش رفت یقینی بنانے کی ہدایت

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی کی ہدایت پر وزیراعلیٰ پنجاب یوتھ گیمز 2026ء کی رجسٹریشن کے عمل کا جائزہ لینے اور اس میں تیزی لانے کے حوالے سے کمشنر آفس راولپنڈی میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے فوکل پرسنز اور مختلف اضلاع کے نمائندگان نے شرکت کی۔ ڈویژنل سپورٹس آفیسر راولپنڈی وحید احمد نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ (بقیہ نمبر 11)

افغان طالبان دہشتگردوں کو اسلحے سمیت ہر قسم کی امداد دینا بند کریں

حکومت کے پاس خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے علاوہ کوئی آپشن نہیں تھا، نائب وزیر اعظم

افغانستان میں کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشتگردوں کی موجودگی خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے، اسحٰق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کا دفاع کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کے پاس ایمرجنسی کے سوا کوئی آپشن نہیں بچا تھا۔ انسٹی ٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے پاکستان تحریک انصاف کے احتجاج کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 52)

انمول پنکی نے مقدمے میں بھی بریت کی درخواست دائر کردی

ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر کو نوٹس جاری، آئندہ سماعت پر جواب طلب

کراچی (اے ایف پی) ڈرگ ڈیلر انمول پنکی نے سیشن عدالت میں سی ٹی ڈی تھانے میں درج منشیات کے مقدمے میں بھی بریت کی درخواست دائر کردی۔ عدالت نے درخواست پر ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر جواب (بقیہ نمبر 46)

ناجائز تعلقات کی رنجش پر فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کردیا گیا

پولیس تھانہ کندیاں نے مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کردی، مقدمہ درج

سرگودھا (این این آئی) موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے ناجائز تعلقات کی رنجش پر فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے پولیس نے مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کردی اور مقدمہ قتل درج کر کے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 47)

ٹک ٹاک کا جنون 2 جانیں نگل گیا، بھابھی اور سگی بہن جاں بحق

مرکزی ملزم عدنان، بھائی لقمان اور والد سیف کے خلاف مقدمہ درج، گرفتار

کالاشاہ کاکو (این این آئی) مریدکے کے علاقے ننگل کسووال میں ٹک ٹاک ویڈیو بنانے کے معمولی تنازعے پر دو بھائیوں کے درمیان تلخ کلامی خونریز تصادم کی شکل اختیار کرگئی جس کے نتیجے میں فائرنگ سے ملزم کی بھابھی اور سگی بہن جاں بحق ہو گئیں (بقیہ نمبر 43)

ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی جیل میں وکلا سے ملاقات کرانے کا حکم

اسلام آباد (اے ایف پی) انسداد دہشت گردی عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف بیریئر ہٹانے کے دہشت گردی کے مقدمے میں وکلاء کی ملزمان سے جیل میں ملاقات کرانے کا حکم دے دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج (بقیہ نمبر 44)

شہباز خیل کا نوجوان اپنے ہی ٹریکٹر کے نیچے آکر جاں بحق

میانوالی (این این آئی) میانوالی شہر کے ملحقہ علاقہ شہباز خیل کا نوجوان عرفان خان ولد ٹھیکیدار مہر خان باز گل خیل ہل چلاتے ہوئے اچانک اپنے ہی ٹریکٹر کے نیچے آ کر جاں بحق ہوگیا، ریسکیو 1122 ذرائع کے مطابق متوفی دوران ڈرائیونگ اچانک بے احتیاطی کا مظاہرہ کیا اور چلتے ٹریکٹر کے نیچے آ کر جاں بحق ہوگیا۔

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین کی موجودگی میں چین کے جی فورس گروپ اور مقامی جولٹا الیکٹرک گروپ کے مابین ای وی پروڈکٹس کے حوالے سے جوائنٹ وینچر کے معاہدے پر دستخط کیے جارہے ہیں

لائبہ خودکشی کیس، لڑکی سے فراڈ کرنیوالے گینگ کو گرفتار کرلیا

ملزمان میں نعمان، فاطمہ سرور اور عائزہ شامل، لائبہ اعجاز سے 93 لاکھ روپے لیے

اسلام آباد (این این آئی) فراڈ سے دلبرداشتہ ہو کر اسلام آباد میں مبینہ طور پر خودکشی کرنے والی لائبہ اعجاز کو اعلیٰ تعلیم کیلئے بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دینے والے گینگ کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار کیے جانے والے ملزمان میں نعمان، فاطمہ سرور اور عائزہ شامل ہیں۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزمان نے امریکی ویزا اور اسکالرشپ دلوانے کے نام پر مبینہ خودکشی کرنے والی لائبہ اعجاز سے 93 لاکھ روپے لیے، لائبہ کو جعلی اسکالرشپ، (بقیہ نمبر 53)

ایل ڈی اے کا غیر قانونی رہائشی سکیموں کیخلاف آپریشن

لاہور (این این آئی) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) نے سندر رائیونڈ روڈ اور ملتان روڈ پر غیر قانونی رہائشی سکیموں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 6 سکیموں کا اسٹرکچر مسمار کردیا۔ آپریشن کے دوران ماشاء اللہ ولاز، مل پنڈ کے قریب غیر قانونی (بقیہ نمبر 54)

زبانی کلامی کسی کو آف لوڈ نہیں کیا جاسکے گا نوٹیفکیشن جاری

ائیرپورٹس، سی پورٹس اور ڈرائی پورٹس کیلئے 12 صفحات پر مشتمل قابل ستائش نیا اسٹینڈنگ آرڈر جاری

2005 کا اسٹینڈنگ آرڈر منسوخ، اسٹینڈنگ آرڈر نمبر 07/2026 فوری طور پر نافذ العمل ہوگا

کراچی (اے ایف پی) ایف آئی اے امیگریشن نے ملک بھر میں ائیرپورٹس، سی پورٹس اور ڈرائی پورٹس کیلئے 12 صفحات پر مشتمل قابل ستائش نیا اسٹینڈنگ آرڈر جاری کردیا ہے جس کے تحت ایف آئی اے کی جانب سے اب کسی کو بھی زبانی کلامی آف لوڈ نہیں کیا جاسکے گا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق 2005 کا اسٹینڈنگ آرڈر منسوخ کرتے ہوئے اسٹینڈنگ آرڈر نمبر 07/2026 فوری طور پر نافذ العمل ہوگا اور وقتاً فوقتاً اس کا جائزہ لیا جائے گا۔ نئے اسٹینڈنگ آرڈر نے امیگریشن افسران (بقیہ نمبر 12)

لاہور: صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر، یونیورسٹی آف لاہور میں ماحولیاتی تبدیلیوں اور موسمیاتی تحفظ بارے منعقدہ سیمینار میں موجود مختلف سٹالز کا معائنہ کررہے ہیں۔

لاہور، صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر، یونیورسٹی آف لاہور میں ماحولیاتی تبدیلیوں اور موسمیاتی تحفظ بارے منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

ہیلمٹ ساتھ اب موٹر سائیکلوں پر سائیڈ ویو مررز بھی لازم قرار

سائیڈ ویو مررز کی مستقل تنصیب کیلئے سیکرٹری انڈسٹریز پنجاب کو خط لکھ دیا

لاہور (این این آئی) سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے موٹر سائیکلوں میں سائیڈ ویو مررز کی مستقل تنصیب کے لیے سیکرٹری انڈسٹریز پنجاب کو خط لکھ دیا۔ سی ٹی او لاہور کے مطابق شہر میں 62 فیصد ٹریفک حادثات مناسب اشارہ نہ دینے اور لین تبدیل (بقیہ نمبر 48)

لاہور ہائیکورٹ کا ڈی جی انٹی کرپشن کی رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار

چیف جسٹس کے ملزمان کے خلاف چھ سال تک کارروائی نہ ہونے پر سخت سوالات

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سابق رجسٹری محرر تاج محمود اور سابق سب رجسٹرار محبوب اقبال کی عبوری درخواست ضمانتوں پر سماعت کے دوران ڈی جی انٹی کرپشن پنجاب کی رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ملزمان کے خلاف چھ (بقیہ نمبر 49)

ملکی معیشت کی شرح نمو 4 فیصد سے زیادہ رہنے کی توقع ہے، وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب

حکومت 5 سے 6 سرکاری اداروں کی نجکاری سے ایک ارب ڈالر سے زائد حاصل کرنے کا ہدف رکھتی ہے

عالمی اور علاقائی حالات کے باوجود پاکستان کی معیشت ترقی کی جانب گامزن ہے اور زرعی شعبہ بھی بہتر کارکردگی دکھا رہا ہے

بنکاک: (اے ایف پی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت رواں مالی سال 4 فیصد سے زائد ترقی کرے گی، جبکہ حکومت 5 سے 6 سرکاری اداروں کی نجکاری سے ایک ارب ڈالر سے زائد حاصل کرنے کا ہدف رکھتی ہے۔ بنکاک میں بلوم برگ ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ عالمی اور علاقائی حالات کے باوجود پاکستان کی معیشت ترقی کی جانب گامزن ہے اور زرعی شعبہ بھی بہتر کارکردگی دکھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان 10 ارب ڈالر (بقیہ نمبر 45)

Specialized Healthcare & Medical Education Department
لاہور صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ایشیائی ترقیاتی بینک کے وفد سے ملاقات کے دوران تبادلہ خیال کررہے ہیں

اشاعتِ خاص

اسلام آباد کو خوبصورت بنانے کا عزم

محسن نقوی کی قیادت اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی نگرانی میں

ترقی و خوشحالی کے لیے اقدامات پر ایک نظر

اسلام آباد پاکستان کا دارالحکومت ہے، جو اپنی قدرتی خوبصورتی، سرسبز و شاداب ماحول، کشادہ شاہراہوں اور منظم سیکٹرز کی وجہ سے منفرد مقام رکھتا ہے۔ شہر کی اس منفرد شناخت کو برقرار رکھتے ہوئے بڑھتی ہوئی شہری آبادی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مسلسل ترقی، مؤثر انتظامی حکمت عملی اور عوامی خدمت کے جذبے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی کی قیادت اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی نگرانی میں کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) شہر کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے، اس کی خوبصورتی میں اضافے اور شہری انتظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات کررہی ہے۔

صاف، سرسبز اور خوبصورت اسلام آباد کا وژن

اسلام آباد کو مزید خوبصورت بنانا محض سڑکوں کی تعمیر یا نئے ترقیاتی منصوبوں تک محدود نہیں، بلکہ اس کا مقصد ایک ایسا شہر تشکیل دینا ہے جو صاف ستھرا، منظم، ماحول دوست اور شہریوں و سیاحوں کے لیے آرام دہ ہو۔ اس وژن کی تکمیل کے لیے سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری، لینڈ اسکیپنگ، باغبانی، صفائی ستھرائی، عوامی مقامات کی تزئین و آرائش، عمارتوں سے متعلق قوانین پر عمل درآمد اور غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے سمیت مختلف شعبوں میں مربوط کوششیں کی جارہی ہیں۔ وزیرداخلہ کی قیادت میں سی ڈی اے نے ترقیاتی منصوبے شروع کیے ہیں جن کا مقصد اسلام آباد کے مجموعی ماحول کو بہتر بنانا اور ایک سرسبز، خوبصورت اور منصوبہ بندی کے تحت تعمیر کیے گئے دارالحکومت کی شناخت کو برقرار رکھنا ہے۔

سڑکوں اور شہری بنیادی ڈھانچے کی بہتری

ایک جدید دارالحکومت کے لیے معیاری سڑکیں اور مؤثر ٹرانسپورٹ کا بنیادی ڈھانچہ انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ اسلام آباد کی بڑی شاہراہوں اور اسلام آباد ایکسپریس وے ایسٹ کوریڈور سمیت مختلف ترقیاتی منصوبوں میں بہتری کا مقصد آمد ورفت کو آسان بنانا، مختلف علاقوں کے درمیان رابطوں کو بہتر کرنا اور شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرنا ہے۔

لینڈ اسکیپنگ، گرین بیلٹس، باغات اور سرسبز پارکس

اسلام آباد کی قدرتی خوبصورتی اس کے قیمتی ترین اثاثوں میں شامل ہے۔ درختوں سے مزین شاہراہیں، گرین بیلٹس، پارکس اور خوبصورتی سے ترتیب دیے گئے عوامی مقامات شہر کو دیگر بڑے شہروں سے ممتاز کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام آباد کو مزید خوبصورت بنانے کے لیے ان قدرتی اور سرسبز خصوصیات کا تحفظ اور فروغ بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ سی ڈی اے کی ماحولیاتی سرگرمیاں گرین بیلٹس کی بہتری، پارکس کی دیکھ بھال، شجرکاری، سڑکوں کے درمیانی حصوں کی تزئین و آرائش اور نظرانداز کیے گئے عوامی مقامات کی بحالی میں اہم کردار ادا کررہی ہیں۔ نئے پودے لگانے کے ساتھ ان کی باقاعدہ دیکھ بھال اور موجودہ درختوں کا تحفظ بھی کیا جارہا ہے۔

تجاوزات اور بلڈنگ کنٹرول کی خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائیاں

ایک منظم شہر کے لیے عمارتوں کی تعمیر اور زمین کے استعمال سے متعلق قوانین پر مستقل اور مؤثر عمل درآمد ضروری ہے۔ غیر مجاز تجارتی سرگرمیاں، غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات عوامی مقامات میں رکاوٹیں پیدا کرنے، ٹریفک کے مسائل بڑھانے اور شہری منصوبہ بندی کو متاثر کرنے کا سبب بن سکتی ہیں۔ اسلام آباد ایکسپریس وے ایسٹ کے ساتھ نشاندہی کی گئی تعمیرات سمیت مختلف مقامات پر سی ڈی اے کی انفورسمنٹ کارروائیاں بلڈنگ کنٹرول کی خلاف ورزیوں کی روک تھام اور زمین کے استعمال کو متعلقہ قوانین کے مطابق منظم کرنے کی کوششوں کا حصہ ہیں۔ ایسی کارروائیوں سے عوامی مقامات کی بحالی، تجارتی شاہراہوں کی خوبصورتی میں اضافے اور متعلقہ قوانین پر عمل درآمد کو فروغ دینے میں مدد مل رہی ہے۔ مؤثر انفورسمنٹ کا مقصد صرف غیر قانونی تعمیرات کا خاتمہ نہیں، بلکہ قانون کی پابندی کا کلچر قائم کرنا اور خلاف ورزیوں کو دوبارہ جنم لینے سے روکنا بھی ہے۔

بہتر شہری سہولیات اور عوامی مقامات

ایک خوبصورت شہر وہی ہوتا ہے جہاں شہریوں کو معیاری اور قابلِ اعتماد بلدیاتی سہولیات میسر ہوں۔ صاف سڑکیں، اچھی طرح برقرار رکھے گئے پارکس، کوڑا کرکٹ اٹھانے کا مؤثر نظام، فعال اسٹریٹ لائٹس، نکاسی آب کے صاف راستے اور منظم عوامی مقامات شہری زندگی کے معیار کو بہتر بناتے ہیں۔ سی ڈی اے کی شاندار کارکردگی کو باقاعدہ فیلڈ انسپیکشن، عوامی شکایات پر فوری ردعمل، متعلقہ محکموں کے درمیان رابطہ کاری اور جدید نگرانی کے نظام کے استعمال سے مزید بہتر بنایا جارہا ہے۔ نظرانداز شدہ رہائشی علاقوں اور مصروف تجارتی مراکز پر خصوصی توجہ دینے سے یہ یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ ترقی اور بہتری کے ثمرات پورے دارالحکومت میں نظر آئیں۔

شہریوں کی شرکت بھی اسی قدر اہم ہے۔ رہائشی، تاجر، کاروباری ادارے اور کمیونٹی تنظیمیں عوامی مقامات کو صاف رکھنے، عمارتوں سے متعلق قوانین کی پابندی کرنے، درختوں کی حفاظت اور شہری مسائل کی متعلقہ حکام کو نشاندہی کے ذریعے شہری انتظامیہ کی معاونت کررہے ہیں۔

شاندار قیادت اور موثر نگرانی

اسلام آباد میں مؤثر اور پائیدار تبدیلی کے لیے واضح ترجیحات، بہتر رابطہ کاری اور مسلسل نگرانی ضروری ہے۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی کی شاندار قیادت اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی مؤثر نگرانی دارالحکومت کے بنیادی ڈھانچے اور شہری ماحول کو بہتر بنانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے حوالے سے اہمیت رکھتا ہے۔ قیادت کے ساتھ قابلِ پیمائش اہداف، پیشہ ورانہ انتظامی صلاحیت اور ہر سطح پر جواب دہی کا نظام بھی ضروری ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کا باقاعدہ جائزہ، شفاف رپورٹنگ، تعمیراتی معیار کی پابندی اور انتظامی مسائل کا بروقت حل ترقیاتی منصوبوں کو عوام کے لیے حقیقی فوائد میں تبدیل کرنے میں مدد دے رہے ہیں۔ مسلسل بہتری بھی اتنی ہی اہم ہے۔ تعمیر کے بعد سڑکوں کی دیکھ بھال، شجرکاری کے بعد پارکس اور گرین بیلٹس کی نگہداشت اور تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کے بعد مؤثر نگرانی کی جارہی ہے تاکہ دوبارہ غیر قانونی قبضوں اور تجاوزات کو روکا جا سکے۔ اسلام آباد کو مزید خوبصورت اور قابلِ رہائش دارالحکومت بنانے کے لیے طویل المدتی اور مربوط حکمت عملی اپنائی گئی ہے۔ اس سلسلے میں ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ وقت پر مکمل کرنا اور تعمیراتی معیار برقرار رکھنا، گرین بیلٹس، درختوں، پارکس اور حساس ماحولیاتی علاقوں کا تحفظ، بلڈنگ کنٹرول اور زمین کے استعمال سے متعلق قوانین پر عمل درآمد کو مضبوط بنانا، صفائی ستھرائی، نکاسی آب، اسٹریٹ لائٹس اور روزمرہ بلدیاتی خدمات کو بہتر کرنا، پیدل چلنے والوں کے لیے محفوظ مقامات اور بہتر سڑکیں فراہم کرنا، ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی اور شکایات کے ازالے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال، کارکردگی کے واضح اشاریوں کے ذریعے شہریوں کو پیش رفت سے آگاہ رکھنا اور محلوں کو صاف، سرسبز اور منظم رکھنے کے لیے عوامی تعاون کو فروغ دینا اہم ترجیحات ہیں۔

ان اقدامات سے اسلام آباد کی ترقی کو اس کی اصل منصوبہ بندی، شہریوں کی ضروریات اور ایک جدید دارالحکومت کے تقاضوں سے ہم آہنگ رکھنے میں مدد مل رہی ہے۔ اسلام آباد کو خوبصورت بنانا ایک مسلسل ذمہ داری ہے، جس کے لیے وژن، منصوبہ بندی، محنت اور عوامی تعاون ناگزیر ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی موثر انتظامی قیادت میں کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو بنیادی ڈھانچے کی ترقی، شہری سہولیات میں بہتری، تعمیرات کو قوانین کے مطابق منظم کرنے اور شہر کے سرسبز ماحول کے تحفظ میں اہم کردار ادا کررہا ہے۔ ان کوششوں کی دیرپا کامیابی صاف ستھری سڑکوں، بہتر شاہراہوں، سرسبز عوامی مقامات، معیاری بلدیاتی سہولیات اور قوانین پر مستقل عمل درآمد کی صورت میں سامنے آرہی ہے۔ ترقیاتی سرگرمیوں کو ماحولیاتی تحفظ، شفاف انتظامیہ اور جواب دہی کے ساتھ آگے بڑھا کر سی ڈی اے اسلام آباد کو خوبصورت بلکہ زیادہ منظم، پائیدار اور آنے والی نسلوں کے لیے قابل رہائش دارالحکومت بنانے میں اپنا کردار ادا کررہا ہے۔ خوبصورت اسلام آباد درحقیقت ایک مشترکہ کامیابی ہے، جو ذمہ دارانہ قیادت، محنتی سرکاری اہلکاروں اور اپنے دارالحکومت پر فخر کرنے والے شہریوں کے باہمی تعاون سے ممکن ہوتی ہے۔

شوبز SHOWBIZ

پنجاب حکومت کا فلم انڈسٹری کی بحالی کا منصوبہ خوش آئند ہے' میگھا

فلم سٹی، فلم فنڈ اور سستے سینما ٹکٹوں سے پاکستانی سینما کو نئی زندگی ملے گی

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ میگھا نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کی جانب سے فلم انڈسٹری کی بحالی، جدید فلم سٹی کے قیام اور فلم میکرز کی مالی معاونت کے اقدامات قابل تحسین ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی کاوشوں سے پاکستانی فلمی صنعت کو ترقی کے نئے مواقع میں گے۔ ایک انٹرویو میں گلوکارہ نے کہا کہ فلم فنانس فنڈ کے ذریعے فلم میکرز کی حوصلہ افزائی سے نئے ٹیلنٹ کو آگے آنے کا موقع ملے گا۔ ون ڈالر سینما کانسیپٹ کے تحت ٹکٹوں کی قیمت عام شہریوں کی پہنچ میں لانا سینما کلچر کے فروغ میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔

ماضی کی نامور گلوکارہ زبیدہ خانم کی برسی 19 اکتوبر کو منائی جائیگی

اپنے کریئر میں پاٹے خان، دلا بھٹی اور ایاز سمیت متعدد فلموں کیلیے یادگار گانے گائے

لاہور (این این آئی) ماضی کی نامور گلوکارہ زبیدہ خانم کی 13 ویں برسی 19 اکتوبر کو منائی جائے گی۔ زبیدہ خانم امرتسر میں پیدا ہوئیں اور قیام پاکستان کے بعد ان کا خاندان ہجرت کر کے لاہور میں سکونت پذیر ہوا۔ زبیدہ خانم کا سنگیت کے کسی روایتی گھرانے سے باضابطہ کوئی تعلق نہیں تھا۔ زبیدہ خانم کی مقبولیت اور شہرت کا نقطہ آغاز ہدایتکار نذیر کی ایک پنجابی فلم ''شہری بابو'' سے ہوا۔ زبیدہ خانم نے پاٹے خان، دلا بھٹی، پتن، چن ماہی، سرفروش، ایاز سمیت متعدد فلموں کے لیے یادگار گیت گائے جن میں تیری الفت میں صنم ہم نے بہت درد سہے، ساڈا اجڑا پیار کوے بار بار، کیتے ہوئے قرار بھل جائیں ناں، چھڈ جاویں نہ چناں باں پھڑ کے، رب نے کرایا ساڈا پتناں تے میل اوئے، نی چھیٹے سجناں دی اے، بندے چاندی سونے دی نتھ لے کے، ساڈے انگ انگ وچ پیار نے پینگاں پائیاں نیں، اے چاندان سے جا کر میرا اسلام کہنا، آئے موسم رنگیلے سہانے جیانا ہیں مانے، تو چھٹی لے کے آجا بالما سمیت دیگر شامل ہیں۔ زبیدہ خانم 19 اکتوبر 2013 کو جہان فانی سے کوچ کر گئی تھیں۔

نیلم منیر کے ہاں بیٹے کی پیدائش، نومولود کا نام محمد حمدان رکھ دیا

اداکارہ نے اسپتال سے بچے کے ساتھ تصویر شیئر کردی، مداحوں کے لیے خوش خبری کا اعلان

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ نیلم منیر نے اپنے پہلے بچے کی پیدائش کا اعلان کرتے ہوئے نومولود بیٹے کا نام محمد حمدان رکھنے کا انکشاف کیا ہے۔ اداکارہ نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اسپتال سے ایک تصویر شیئر کی، جس میں وہ اپنے نومولود بیٹے کو گود میں لیے بیڈ پر بیٹھی نظر آرہی ہیں۔ تصویر میں بچے کا چہرہ ایموجی سے چھپایا گیا ہے۔ نیلم منیر نے تصویر کے ساتھ اپنے پیغام میں لکھا کہ یہ وہ لمحہ ہے جب وہ کسی کی پوری دنیا بن گئیں۔ انہوں نے اپنے بیٹے کو اپنی قبول ہونے والی دعا اور زندگی کی سب سے بڑی نعمت قرار دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ اداکارہ کی جانب سے بچے کی پیدائش کا اعلان ایسے وقت سامنے آیا ہے جب سوشل میڈیا پر اس حوالے سے مختلف قیاس آرائیاں جاری تھیں۔ اس سے قبل ان کے شوہر کے ایک قریبی دوست نے بھی سوشل میڈیا پر مبارک باد کا پیغام شیئر کیا تھا۔ واضح رہے کہ نیلم منیر نے جنوری 2025ء میں دبئی میں مقیم پاکستانی کاروباری شخصیت محمد راشد سے شادی کی تھی۔ اداکارہ اپنی نجی زندگی کو میڈیا کی توجہ سے دور رکھتی ہیں اور شادی کے بعد سے ڈراموں میں بھی نظر نہیں آئیں۔

ببرک شاہ تماشہ ''سیزن فائیو'' کے فاتح قرار

لاہور (این این آئی) نجی ٹی وی چینل کے مقبول ریلیٹی شو ''تماشہ سیزن فائیو'' میں اداکار ببرک شاہ فاتح قرار پائے جنہیں ٹرافی اور انعامی رقم دی گئی۔ شو کے گرینڈ فائنل میں میزبان عدنان صدیقی نے ببرک شاہ کی کامیابی کا اعلان کیا۔ تماشہ ایک ریلیٹی شو ہے جس میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے شرکاء ایک ہی گھر میں رہتے ہوئے مختلف چیلنجز، ٹاسک اور نامزدگیوں کے مراحل سے گزرتے ہیں۔

وسیم اکرم ڈراموں میں اداکاری کیلئے تیار، ماہ نور بلوچ ہیروئن ہوں گی

وسیم اکرم اس سے قبل فلم ''منی بیک گارنٹی'' میں اداکاری کر چکے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کے سابق اسٹار کرکٹر وسیم اکرم کی ٹی وی ڈراموں میں انٹری کی خبریں سامنے آگئیں، جس پر سوشل میڈیا صارفین نے ملا جلا ردعمل دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وسیم اکرم کو معروف اداکارہ ماہ نور بلوچ کے ساتھ ایک نئے ڈرامے میں کاسٹ کیے جانے کا امکان ہے، جس کی ہدایتکاری فہیم برنی کریں گے۔ ڈرامہ ابھی ابتدائی مراحل پر ہے اور فنکاروں سے بات چیت جاری ہے، تاہم کاسٹ کو حتمی شکل نہیں دی گئی۔ وسیم اکرم اس سے قبل فلم ''منی بیک گارنٹی'' میں اداکاری کر چکے ہیں، تاہم یہ ان کا پہلا ٹی وی ڈرامہ ہو گا۔ اس خبر پر اداکارہ جویریہ عباسی نے خوشی کا اظہار کیا، جبکہ بعض صارفین نے وسیم اکرم کی ممکنہ کاسٹنگ پر تنقید بھی کی۔

گلوکاری کیساتھ کاروبار، دعا لیپا کی سالانہ آمدن دوکروڑ34لاکھ پاؤنڈ

لندن میں پیدا ہونے والی گلوکارہ دعا لیپا7 کمپنیوں کی ڈائریکٹر بھی ہیں

لندن (این این آئی) برطانوی گلوکارہ دعا لیپا نے اپنی میڈیا کمپنی کے ذریعے گزشتہ سال روزانہ4 6ہزار پاؤنڈ کمائے، جبکہ سال بھر میں ان کی مجموعی آمدن 2 کروڑ 34 لاکھ پاؤنڈ رہی۔ برطانوی اخبار ڈیلی میل کے مطابق گلوکارہ کی کمپنی ریڈیکل2 2 لمیٹڈ کی آمدن میں ان کے گانوں، رائلٹی، میوزک ٹورز اور مختلف مصنوعات کی فروخت سے حاصل ہونے والا منافع شامل ہے۔ دعا لیپا نے یہ کمپنی1 0 2 میں اپنے والد اور منیجر کے ساتھ قائم کی تھی، جس کی مجموعی مالیت 7 کروڑ0 3 لاکھ پاؤنڈ بتائی گئی ہے۔ کمپنی ہاؤس میں درج مالیاتی تفصیلات کے مطابق گلوکارہ کی دوسری کمپنی ریڈیکل2 2 لائیو نے بھی2 6 لاکھ پاؤنڈ منافع کمایا، یہ کمپنی ان کے میوزک ٹورز کے مالی معاملات دیکھتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق دعا لیپا کے عالمی میوزک ٹور ریڈیکل آپٹیمزم کے1 8 شوز نے گزشتہ سال مجموعی طور پر6 1 کروڑ0 2 لاکھ پاؤنڈ کا کاروبار کیا۔ لندن میں پیدا ہونے والی گلوکارہ 7 کمپنیوں کی ڈائریکٹر بھی ہیں، جن میں طرز زندگی سے متعلق کاروبار سروس5 9 اور فلم سازی کی کمپنی بھی شامل ہیں۔ دعا لیپا نے وائی ایس ایل بیوٹی، پورشے، ورساسی، شینل اور پوما سمیت متعدد عالمی برانڈز کے ساتھ بھی منافع بخش معاہدے کرر کھے ہیں۔

فیصل قریشی اور حریم فاروق کو یونیورسٹی میں ڈانس کرنے پر تنقید کا سامنا

دونوں فنکار اپنی آنے والی پنجابی فلم ''مینگو جٹ'' کی پروموشن میں مصروف ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کے معروف اداکار فیصل قریشی اور حریم فاروق یونیورسٹی میں ڈانس پرفارمنس کے باعث سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کی زد میں آگئے۔ دونوں فنکاران دنوں اپنی آنے والی پنجابی فلم مینگو جٹ کی پروموشن میں مصروف ہیں، جو 16 اکتوبر کو سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ حال ہی میں ایک یونیورسٹی میں فلم کی پروموشن کے دوران فیصل قریشی اور حریم فاروق نے پنجابی گانے پر رقص کیا جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ ویڈیو سامنے آنے کے بعد متعدد صارفین نے فیصل قریشی کے ڈانس اور عمر سے متعلق طنزیہ تبصرے کیے۔ ایک صارف نے لکھا کہ فیصل قریشی کو اب اپنی عمر کے مطابق رویہ اختیار کرنا چاہیے، جبکہ بعض نے تعلیمی ادارے میں ایسی پرفارمنس پر اعتراض کیا۔

ریڑھ کی ہڈی کی سرجری کے بعد اداکارہ نصرت بھروچا کی پہلی پوسٹ

نصرت بھروچا کو بالی حادثے کے نتیجے میں ریڑھ کی ہڈی میں فریکچر ہو گیا تھا

جکارتہ (این این آئی) بولی وڈ اداکارہ نصرت بھروچا نے انڈونیشیا کے جزیرے بالی میں ریڑھ کی ہڈی میں فریکچر اور سرجری کے بعد پہلی بار سوشل میڈیا پر اپنی خیریت سے متعلق پیغام شیئر کیا ہے۔ اداکارہ نے غروبِ آفتاب کی تصویر کے ساتھ امید ظاہر کی کہ وہ جلد صحت یاب ہو کر دوبارہ بھرپور انداز میں کام شروع کریں گی۔ نصرت بھروچا نے ہفتے کے روز انسٹاگرام اسٹوری پر ایک تصویر شیئر کی، جس میں کھڑکی کے قریب ایک خالی وہیل چیئر اور پس منظر میں دور ڈوبتا ہوا سورج دکھائی دے رہا تھا۔

SPORTS سپورٹس

لاہور: پنجاب سپورٹس کمپلیکس میں فٹ بال کے کھلاڑی تربیت لے رہے ہیں۔ (فوٹو: این این آئی)

کبھی کسی مذہب کی توہین کرنے والی بات نہیں کہی، عرفان پٹھان

سوشل میڈیا پر اپنے نام سے جھوٹی خبریں پھیلائے جانے پر افسوس کا اظہار

حیدرآباد (این این آئی) بھارتی کرکٹ کے سابق کھلاڑی عرفان پٹھان نے سوشل میڈیا پر اپنے نام سے جھوٹی خبریں پھیلائے جانے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ انہوں نے کبھی کسی مذہب کی توہین کرنے والی بات نہیں کہی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق عرفان پٹھان نے مداحوں سے اپیل کی کہ ان سے منسوب بیانات پر یقین نہ کریں اور ایسی خبروں کو دوسروں تک پہنچانے سے پہلے ان کی سچائی کی تصدیق کرلیں۔ عرفان نے انسٹاگرام پر کہا کہ بعض افراد محض ویوز حاصل کرنے کے لئے ان کا نام استعمال کرتے ہوئے بے بنیاد خبریں پھیلا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بغیر کسی ثبوت کے ان کے نام سے فرضی خبریں نشر کی جارہی ہیں۔

معاذ صداقت کو گرین شرٹ پہنے دیکھ کر بہت خوشی ہوئی، محمد رضوان

کل کی بات ہے کہ پشاور میں میرے گھر مجھے ایک لڑکا ملنے آیا، لڑکے کا پاکستان کیلئے کھیلنا خواب تھا

لاہور (این این آئی) پاکستان کے وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان نے کہا ہے کہ معاذ صداقت کو پاکستان ٹیم کی شرٹ پہنے دیکھ کر بہت خوشی ہوئی، کل کی بات لگتی ہے پشاور میں میرے گھر مجھے ایک لڑکا ملنے آیا، بھائی ہارون کے ساتھ آنے والے لڑکے کا پاکستان کے لیے کھیلنا خواب تھا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر معاذ صداقت کے حوالے سے جاری کیے گئے بیان میں محمد رضوان نے کہا کہ اس نوجوان لڑکے کی آنکھوں میں بہت اُمیدیں تھیں اور دل میں عزم تھا۔ انہوں نے کہا کہ اسی بچے معاذ صداقت کو پاکستان کی شرٹ پہنے دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے، مجھے امید ہے کہ یہ خوبصورت سفر کا آغاز ثابت ہوگا۔ محمد رضوان نے کہا کہ پاکستان کی شرٹ پہننے کا خواب ہو یا کچھ اور حاصل کرنا ہو محنت، صبر اور اللہ پر یقین رکھیں۔ وکٹ کیپر بیٹر نے کہا کہ صاحبزادہ فرحان اور قومی ٹیم کو ہوم سیریز جیتنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، پاکستان زندہ باد۔

پریزیڈنٹ ٹرافی، پشاور اور ایبٹ آباد میں شیڈول میچز لاہور اور شیخوپورہ منتقل

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے صوبہ خیبر پختونخوا میں سیاسی صورتحال کے باعث پریزیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کے جاری فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ کے پشاور اور ایبٹ آباد میں شیڈول میچز دوسرے شہروں میں منتقل کر دیے ہیں۔ کرک انفو کی رپورٹ کے مطابق حکومت پاکستان کی جانب سے ایمرجنسی کے نفاذ اور خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے اعلان کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا۔ اسلام آباد اور راولپنڈی میں ہونے والے میچز پہلے سے طے شدہ شیڈول کے مطابق جاری رہیں گے جہاں چھٹے راؤنڈ کا آغاز پیر سے ہوگا۔ پشاور کے عمران خان اسٹیڈیم میں غنی اور حیدرآباد کنگز مین اکیڈمی کے درمیان میچ 14 اکتوبر سے شیخوپورہ کی رانا نوید اکیڈمی میں کھیلا جائے گا جبکہ ایبٹ آباد میں شیڈول سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ اور آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کا مقابلہ لاہور کے ایل سی سی اے گراؤنڈ منتقل کردیا گیا ہے۔ آخری راؤنڈ کے میچز اب 19 اکتوبر سے شروع ہوں گے جبکہ مارخور آئی ٹی سلوشنز اور پاکستان ٹی وی کا میچ بھی لاہور میں ہوگا۔ پوائنٹس ٹیبل پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان 84 پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست ہے جبکہ غنی 70 پوائنٹس لے کر دوسرے نمبر پر ہے۔ لیگ مرحلے کی ٹاپ دو ٹیمیں فائنل میں مدمقابل ہوں گی جس کے مقام کا اعلان ہونا باقی ہے۔

معاذ صداقت کی دھواں دار بیٹنگ، سری لنکا کیخلاف نیا ریکارڈ قائم

پاکستان کا اپنی سرزمین پر ٹی ٹوئنٹی میں اب تک کا سب سے بڑا اسکور

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان نے معاذ صداقت کی دھواں دار بیٹنگ کی بدولت سری لنکا کے خلاف دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں نیا ریکارڈ قائم کردیا۔ راولپنڈی میں گزشتہ روز کھیلے گئے میچ میں نوجوان بیٹر معاذ صداقت اپنی پہلی بین الاقوامی سنچری مکمل کرنے سے صرف چار رنز کی دوری پر رہ گئے تاہم ان کی جارحانہ بیٹنگ نے پاکستان کو سری لنکا کے خلاف تاریخی مجموعہ بنانے میں مدد دی۔ پاکستان نے معاذ صداقت کے1 5 گیندوں پر 6 9 رنز کی بدولت مقررہ0 2 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر5 1 2 رنز بنائے۔ ان کی اننگز میں 6 چوکے اور 7 چھکے شامل تھے۔ یہ پاکستان کا اپنی سرزمین پر ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں اب تک کا سب سے بڑا اسکور ہے۔

نانا پاٹیکر اور راشد لطیف کے درمیان خاص تعلق کا انکشاف

دوستی کرانے میں اظہر الدین اور اجے جڈیجہ کا خصوصی کردار تھا، سابق وکٹ کیپر

کراچی (این این آئی) بالی ووڈ کے آنجہانی اداکار نانا پاٹیکر اور پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان راشد لطیف کے درمیان خاص تعلق کا انکشاف ہوا ہے۔ راشد لطیف پاکستان کے لیجنڈری وکٹ کیپر بیٹر اور سابق کپتان ہیں جبکہ نانا پاٹیکر بالی ووڈ کے ورسٹائل اداکار جو چند روز قبل دل کے دورے کے باعث چل بسے تاہم ان کی موت کے بعد آنجہانی اداکار اور پاکستانی کرکٹر کے درمیان خاص تعلق کا انکشاف ہوا ہے۔ سابق پاکستانی کپتان راشد لطیف اور نانا پاٹیکر کے درمیان 32 سال دیرینہ دوستی ہے، اس کا آغاز 1994 میں سنگر ٹرافی کے ذریعے کیسے ہوا۔ اس کا احوال شائقین کے لیے انتہائی دلچسپ ہوگا۔ لیجنڈری اداکار نانا پاٹیکر کا اداکاری کے ساتھ کرکٹ سے خاص لگاؤ تھا، یہ بات ان کے پرستار جانتے ہوں گے تاہم اسی کھیل کی نسبت ان کی خاص دوستی سابق قومی کپتان راشد لطیف سے ہوئی یہ بات شاید بہت کم لوگوں کے علم میں ہو، نانا پاٹیکر کی اچانک موت کے بعد راشد لطیف نے اپنے دیرینہ دوست کی یادیں تازہ کیں اور بھارتی میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ ان کی اداکار سے دوستی کب اور کس طرح شروع ہوئی۔ راشد لطیف نے انکشاف کیا کہ ان کی نانا پاٹیکر سے ابتدائی بات چیت کا سلسلہ 1994 میں سری لنکا میں ہونے والی سنگر ٹرافی کے دوران ہوا، ان کے درمیان دوستی کرانے میں اس وقت کے بھارتی کپتان محمد اظہر الدین اور اجے جڈیجہ کا خصوصی کردار تھا۔ سابق وکٹ کیپر نے بتایا کہ دونوں بھارتی کرکٹرز ان کی نانا پاٹیکر سے ملاقات اور بات چیت کے مواقع پیدا کرتے تھے، بات چیت کا یہ سلسلہ برسوں تک جاری رہا اور پھر یہ دوستی کرکٹ اور فلموں کے دائرے سے آگے نکل گئی۔ راشد لطیف نے اس دوستانہ تعلق کا ایک دلچسپ واقعہ یاد کرتے ہوئے بتایا کہ 1998 میں آنجہانی اداکار کو ایوارڈ ملا تھا۔ اس دوران وہ قومی ٹیم کے ساتھ جنوبی افریقہ کے دورے پر تھے، انہیں ایوارڈ کا پتہ چلا تو نانا پاٹیکر کو مبارکباد پیش کی۔ سابق پاکستانی کپتان نے بتایا کہ بعد میں نانا پاٹیکر نے بھارتی کرکٹرز سے ملاقات کی اور مزاحیہ انداز میں شکورہ کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ایوارڈ ملنے پر ایک پاکستانی کرکٹر نے تو مبارکباد دی، مگر بھارتی کھلاڑیوں نے ایسا نہیں کیا۔ راشد لطیف کے مطابق انہیں یہ واقعہ اجے جڈیجہ نے بتایا۔ بظاہر یہ ایک چھوٹا سا واقعہ تھا لیکن اس سے ان کی دوستی اور گرم جوشی کا اظہار ہوتا تھا۔ ان کی دوستی اس قدر گہری تھی کہ راشد لطیف کو ''نانا'' پکارا جانے لگا تھا۔ یہ دلچسپ انکشاف ان کے ساتھی سابق بلے باز باسط علی نے کیا اور بتایا کہ اداکار سے گہری دوستی کی وجہ سے ساتھی کرکٹر راشد لطیف کی عرفیت ''نانا'' رکھ دی تھی اور وہ اسی نام سے پکارتے تھے۔

اطلاع عام

محمد ظہیر 3740524882175 ساکن ڈھوک شاہ علم خان ڈاکخانہ روات بگا میانہ تحصیل و ضلع راولپنڈی کے بھائی محمد عدنان 26 جنوری 2014 کو وفات پا گئے ہیں ان کے رقبہ موضع کرپال تحصیل و ضلع راولپنڈی میں وراثت انتقال کروانا مقصود ہے درج ذیل شرعی و قانونی ورثان ہیں۔ کنیز اختر (والدہ) محمد شفیق (بھائی) محمد ظہیر (بھائی) محمد عرفان (بھائی) رخشندہ جبین (بہن) فرخندہ جبین (بہن) ان کے علاوہ دیگر دارث ثابت نہ ہے دیگر وارث 7 یوم میں رابطہ کریں۔

بقیہ 1

مصنوعات کی اصلیت پر سوالات صارفین کے حقوق کا اہم معاملہ ہیں۔ عوامی حلقوں نے ڈائریکٹر جنرل پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA)، متعلقہ وفاقی جنرل کاسمیٹکس ریگولیٹری حکام، ڈپٹی کمشنر چکوال اور اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ مشکوک صابن، شیمپو، کریموں، لوشن اور برتن دھونے والی مصنوعات کے نمونے مستند لیبارٹری سے ٹیسٹ کرائے جائیں، پیکنگ، لیبلنگ اور سپلائی چین کی جانچ کی جائے اور جعل سازی ثابت ہونے پر ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ عوامی مطالبہ ہے کہ اصل قیمت وصول کر کے مبینہ جعلی مصنوعات فروخت کرنے کے الزامات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور صارفین کو معیاری اشیا کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ تاہم، مصنوعات کے جعلی ہونے کی حتمی تصدیق کے لیے مستند لیبارٹری رپورٹ یا متعلقہ کمپنی کی توثیق ضروری ہے۔

بقیہ 2

ڈرائیور کو نکالنے کے لیے امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ گاڑی کا کیبن بری طرح تباہ ہونے کے باعث ڈرائیور کو نکالنا انتہائی مشکل مرحلہ تھا، تاہم ریسکیو اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت اور مسلسل محنت سے گاڑی کی باڈی کاٹ کر اسے باہر نکالا۔ تاہم شدید زخموں کے باعث نوجوان ڈرائیور موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ جاں بحق ہونے والے ڈرائیور کا تعلق اٹک سے بتایا جاتا ہے۔ حادثے میں موبائل شاپ مکمل طور پر تباہ ہو گئی جبکہ ٹینکر ٹرالر کے کیبن کو بھی شدید نقصان پہنچا۔

بقیہ 3

کرنے کا موقع مل سکے احتجاج میں گھوٹکی سے جاوید عباسی، احمد جیکب آباد سے شکارپور سے لالا شعیب احمد پٹھان سکھر سے ریجنل سیکرٹری خلیل احمد ڈوکی عقیل احمد جوبجو اور شجاع حسین کھمرو سمیت یونین کے دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ رہنماؤں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین کے خلاف اتنی بڑی تعداد میں کارروائی ایک سنجیدہ معاملہ ہے جس کی مکمل وجوہات سامنے آنا ضروری ہیں ان کا کہنا تھا کہ ملازمین کے مستقبل سے متعلق فیصلوں میں شفافیت انصاف اور متعلقہ قواعد و ضوابط کی پابندی کو یقینی بنایا جانا چاہیے یونین رہنماؤں نے اعلان کیا کہ جب تک متاثرہ ملازمین کو بحال نہیں کیا جاتا ان کی جدوجہد جاری رہے گی انہوں نے واضح کیا کہ ملازمین کے حقوق کے تحفظ کے لیے احتجاجی اور تنظیمی جدوجہد جاری رکھی جائے گی اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا جائے گا کہ اس معاملے کا منصفانہ حل نکالا جائے۔ انکوائری کمیشن قائم کرنے کا مطالبہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنماؤں نے سیپکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سے مطالبہ کیا کہ کندھ کوٹ ڈویژن میں 53 ملازمین کے خلاف کارروائی کے معاملے کی تحقیقات کے لیے انکوائری کمیشن قائم کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس بات کی تحقیقات ہونی چاہئیں کہ اتنی بڑی تعداد میں ملازمین کے خلاف کارروائی کن وجوہات شواہد اور قواعد کے تحت کی گئی۔ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ انکوائری کے ذریعے ذمہ داری کا تعین کیا جائے اور تمام متعلقہ فریقوں کا مؤقف سن کر شفاف فیصلہ کیا جائے یونین رہنماؤں کے مطابق تین ملازمین کو ملازمت سے برطرف جبکہ دیگر کو معطل کیا گیا ہے۔ انہوں نے اس کارروائی پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متاثرہ ملازمین کی بحالی کے معاملے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے ان کا مؤقف تھا کہ انتظامیہ کو چاہیے کہ وہ معاملے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائے تاکہ کسی بھی ملازم کے ساتھ ناانصافی نہ ہو انجینئر مختیار احمد انصاری کے خلاف بھی کارروائی کا مطالبہ احتجاج کے دوران یونین رہنماؤں نے انجینئر مختیار احمد انصاری کے خلاف بھی کارروائی کا مطالبہ کیا۔ رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ ایک لاکھ روپے سے زائد کے نادہندگان سے ریکوری نہ ہونے کی ذمہ داری متعلقہ افسر پر عائد ہوتی ہے، اس لیے اس پہلو کی بھی تحقیقات کی جائیں انہوں نے سیپکو انتظامیہ سے سوال کیا کہ اگر ریکوری کے معاملے پر کارروائی کی جا رہی ہے تو اس کی ذمہ داری کا تعین یکساں اصولوں کے تحت کیوں نہیں کیا جاتا رہنماؤں نے انجینئر مختیار احمد انصاری کو ملازمت سے فارغ کرنے کا مطالبہ بھی کیا، تاہم ان کے ان الزامات اور مطالبات کی آزادانہ تصدیق نہیں ہو سکی۔ اس معاملے پر متعلقہ افسر اور سیپکو انتظامیہ کا مؤقف سامنے آنا بھی ضروری ہے، تاکہ تمام پہلوؤں کو واضح کیا جا سکے 9 اکتوبر کے تبادلے کے حکم کا حوالہ یونین رہنماؤں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ سی ای او سیپکو سکھر کی جانب سے انجینئر مختیار احمد انصاری کے تبادلے کا حکم 9 اکتوبر 2026 کو جاری کیا گیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ انتظامیہ کو ملازمین کے خلاف کارروائی کے معاملے میں مکمل شفافیت اختیار کرنی چاہیے اور یہ واضح کیا جانا چاہیے کہ کارروائی کن وجوہات کی بنیاد پر کی گئی رہنماؤں نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین کے خلاف کارروائی کے معاملے میں ان کے حقوق اور مؤقف کو بھی مدنظر رکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سیپکو حکام پورے معاملے کا جائزہ لے کر حقائق عوام اور ملازمین کے سامنے لائیں۔ شکارپور سرکل میں احتجاجاً کام بند کرنے کا اعلان آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے رہنماؤں نے اعلان کیا کہ احتجاج کے سلسلے میں شکارپور سرکل کے تحت کندھ کوٹ اور جیکب آباد ڈویژنوں میں کام بند کر کے احتجاج کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ اقدام ملازمین کے مطالبات انتظامیہ تک پہنچانے اور متاثرہ کارکنوں کی بحالی کے لیے کیا جا رہا ہے رہنماؤں نے واضح کیا کہ ان کا بنیادی مطالبہ متاثرہ ملازمین کی بحالی اور کارروائی کے معاملے کی شفاف تحقیقات ہے۔ انہوں نے سیپکو کے اعلیٰ حکام سے اپیل کی کہ معاملے کو مزید پیچیدہ ہونے سے پہلے سنجیدگی سے لیا جائے، یونین کے نمائندوں سے مذاکرات کیے جائیں اور ایسا حل نکالا جائے جو ملازمین اور ادارے دونوں کے مفاد میں ہو۔ ملازمین کی بحالی تک جدوجہد جاری رکھنے کا عزم یونین رہنماؤں نے اپنے خطاب میں کہا کہ وہ ملازمین کے حقوق کے تحفظ کے لیے متحد ہیں اور اپنے مطالبات کی منظوری تک آواز بلند کرتے رہیں گے۔ ان کے مطابق ملازمین کے خلاف کارروائی اور اس سے پیدا ہونے والی صورتِ حال پر انتظامیہ کو وضاحت دینی چاہیے، جبکہ انکوائری کے ذریعے تمام حقائق سامنے لانا ضروری ہے رہنماؤں نے سیپکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ متاثرہ ملازمین کے معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے، انکوائری کمیشن قائم کیا جائے اور الزامات و جوابی مؤقف کا جائزہ لے کر میرٹ پر فیصلہ کیا جائے دوسری جانب، اس معاملے پر سیپکو انتظامیہ کا مؤقف سامنے آنے کے بعد خبر کے تمام پہلو مزید واضح ہو سکیں گے۔ فی الحال یونین رہنماؤں نے ملازمین کی بحالی تک جدوجہد جاری رکھنے اور شکارپور سرکل کے تحت کندھ کوٹ و جیکب آباد ڈویژنوں میں احتجاجاً کام بند کرنے کے اعلان کو اپنے آئندہ لائحہ عمل کا حصہ قرار دیا ہے

بقیہ 4

گاڑیوں کی طویل قطاریں لگی رہتی ہیں، جہاں کمرشل گاڑیوں کے مالکان صبح سویرے اپنی باری کے انتظار میں پہنچ جاتے ہیں اور یہ سلسلہ رات گئے تک جاری رہتا ہے۔ وسیع رقبے پر پھیلی تحصیل گوجر خان، کلر سیداں اور دیگر علاقوں سے آنے والے ٹرانسپورٹرز کو طویل سفر، اضافی اخراجات اور آمدن کے نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے؛ گاڑیاں سڑکوں پر چلنے کے بجائے قطاروں میں کھڑی رہتی ہیں، جس سے روزانہ کی کمائی اور کاروباری سرگرمیاں متاثر ہوتی ہیں۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ کسی بھی نئی سہولت کے آغاز سے قبل متعلقہ محکمے کو گاڑیوں کی تعداد، عوامی ضروریات اور جغرافیائی پھیلاؤ کا جائزہ لے کر مناسب منصوبہ بندی کرنی چاہیے۔ متعدد تحصیلوں کی ضروریات کے لیے صرف دو مراکز پر انحصار طویل انتظار، وقت کے ضیاع اور معاشی نقصان کا سبب بن رہا ہے۔ ان کے مطابق کمرشل ٹرانسپورٹ سے وابستہ افراد کے لیے ہر گھنٹہ اہمیت رکھتا ہے، لیکن فٹنس سرٹیفکیٹ کے حصول میں پورا دن صرف ہونے سے نہ صرف ان کی دیہاڑی متاثر ہوتی ہے بلکہ گاڑیوں کی آمدورفت اور کاروباری نظام پر بھی منفی اثر پڑتا ہے۔ ہر تحصیل میں ایم او ٹی سنٹر قائم کرنے سے رش میں کمی، کام کی رفتار میں بہتری اور سرکاری محصولات میں اضافے کے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔ شہری حلقوں نے حکومت پنجاب اور متعلقہ محکمہ ٹرانسپورٹ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ موجودہ انتظامات پر فوری نظرثانی کرتے ہوئے ہر تحصیل میں گاڑیوں کی تعداد اور ضرورت کے مطابق ایم او ٹی فٹنس سنٹر قائم کیے جائیں، عملے اور تکنیکی سہولتوں میں اضافہ کیا جائے اور شہریوں کو طویل قطاروں، غیر ضروری سفری اخراجات اور روزگار کے نقصان سے بچانے کے لیے قابلِ عمل نظام متعارف کرایا جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ گاڑیوں کی فنی جانچ اور محفوظ سفر کے تقاضوں پر عمل درآمد ناگزیر ہے، مگر اس مقصد کے لیے ایسا نظام ہونا چاہیے جو عوام کے لیے سہولت کا ذریعہ بنے، معاشی بوجھ نہیں۔ حکومت اس بنیادی عوامی مسئلے کو نظرانداز کرنے کے بجائے فوری اقدامات کرے، کیونکہ گاڑیوں کی فٹنس کے نام پر کمرشل ٹرانسپورٹرز کا قیمتی وقت، روزانہ کی آمدن اور کاروبار مسلسل متاثر ہونا ایک سنجیدہ معاملہ ہے۔

بقیہ 5

کے ڈھیر لگ جاتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ صفائی عملے کے ساتھ متعلقہ سپروائزر بھی فیلڈ میں دکھائی نہیں دیتے۔ رابطہ کرنے پر صفائی کی یقین دہانی تو کروا دی جاتی ہے، تاہم عملی اقدامات نہ ہونے کے باعث صورتحال جوں کی توں رہتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جب وہ باقاعدگی سے صفائی سمیت مختلف مدات میں ٹیکس ادا کرتے ہیں تو انہیں بنیادی صفائی کی سہولت سے محروم کیوں رکھا جا رہا ہے؟ کیا کینٹونمنٹ بورڈ کی ذمہ داری صرف ٹیکس وصولی تک محدود ہے یا شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا بھی اس کے فرائض میں شامل ہے؟ علاقہ مکینوں نے مطالبہ کیا ہے کہ مصریال روڈ نزد خانہ چوک پر جمع کچرے کو فوری طور پر ٹھکانے لگایا جائے، روزانہ کی بنیاد پر صفائی یقینی بنائی جائے اور متعلقہ عملے و سپروائزر کی کارکردگی کی نگرانی کی جائے۔ شہریوں نے اسٹیشن کمانڈر اور سی ای او راولپنڈی کینٹونمنٹ بورڈ سے اپیل کی ہے کہ وہ اس صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے محض وقتی صفائی کے بجائے مستقل بنیادوں پر مؤثر انتظامات یقینی بنائیں، تاکہ ٹیکس ادا کرنے والے شہریوں کو گندگی اور تعفن سے نجات مل سکے۔

بقیہ 6

دوران 4 لاکھ 16 ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا۔ کاشتکاروں کو تصدیق شدہ اور معیاری گندم کے بیج کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے گئے ہیں۔ یوریا اور ڈی اے پی سمیت دیگر زرعی مداخل کی دستیابی، معیار اور مقررہ نرخوں پر فروخت کی نگرانی کی جائے گی۔ گندم کی کاشت کے جدید طریقوں، متوازن کھاد کے استعمال اور بہتر پیداواری حکمت عملی سے متعلق آگاہی مہم بھی جاری ہے۔ دیہات کی سطح پر کاشتکاروں کی تربیت اور زرعی رہنمائی کے پروگراموں کا انعقاد بھی کیا جا رہا ہے۔ فی ایکڑ پیداوار کو گزشتہ تین سال کی اوسط سے بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ گندم کی کاشت کے بعد دیہات کی سطح پر سروے کے ذریعے زیر کاشت رقبے اور پیش رفت کا جائزہ لینا بھی اہداف کا حصہ ہے۔ گندم مہم پر عمل درآمد، درپیش مسائل اور اہداف کی تکمیل کا باقاعدگی سے جائزہ لینا، گندم کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے والے کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی اور پیداواری مقابلوں کے ذریعے گندم کی کاشت کو فروغ دینا بھی اہداف کا حصہ ہیں۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور مؤثر نگرانی کے ذریعے گندم کی کاشت کے مقررہ اہداف کے حصول اور ملکی غذائی ضروریات کے لیے پیداوار میں اضافے کو یقینی بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 7

سہولیات و عملے کی دستیابی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرمائی سیزن کے دوران کسی بھی قسم کی غفلت، سستی یا عدم تیاری ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام متعلقہ محکمے اپنی افرادی قوت، گاڑیوں، ہیوی مشینری اور ہنگامی وسائل کی دستیابی پیشگی یقینی بنائیں، جبکہ افسران فیلڈ میں رہ کر انتظامات کی نگرانی کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے برف باری کے دوران اہم شاہراہوں کی فوری بحالی کے لیے ہیوی مشینری، نمک اور دیگر ضروری وسائل کا پیشگی انتظام مکمل رکھنے، ٹریفک کی روانی برقرار بنانے اور برف میں پھنسے شہریوں و سیاحوں کو فوری امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے بجلی، پانی اور سوئی گیس کی بلاتعطل فراہمی، حساس مقامات پر ہنگامی ٹیموں کی دستیابی اور فیسیلیٹیشن سینٹرز پر سیاحوں کو بروقت رہنمائی و معاونت فراہم کرنے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے تمام متعلقہ محکموں کو سنوفال ایمرجنسی کور پلان اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ پلان پر مکمل عمل درآمد، مؤثر باہمی رابطہ کاری اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ عوام کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور انتظامات میں کسی قسم کی کوتاہی قابل قبول نہیں ہوگی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، چیف ٹریفک آفیسر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، اسسٹنٹ کمشنرز مری و کوٹلی ستیاں، ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کوآرڈینیٹر، ایس پی موٹروے پولیس، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 اور مختلف ضلعی و تحصیل محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ شرکاء میں محکمہ جنگلات، ہائی ویز، بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ، سپیشل برانچ، نیشنل ہائی وے اتھارٹی، محکمہ صحت، سول ڈیفنس، واپڈا اور ویسٹ مینجمنٹ کے نمائندگان بھی شامل تھے۔ ضلعی انتظامیہ مری کے مطابق سرمائی سیزن کے دوران شہریوں اور سیاحوں کے جان و مال کا تحفظ، شاہراہوں کی بحالی، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بروقت امدادی کارروائیوں کو یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو ضروری اقدامات مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 8

مراکز میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ہارڈ اور گرے امتحانی مراکز کی آن لائن مانیٹرنگ، موبائل انسپکٹرز اور چیئرمین اسکواڈ کے ذریعے جانچ پڑتال جاری ہے۔ چیئرمین بورڈ کے مطابق امتحانی شفافیت اور میرٹ کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان نے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا اور امتحانی انتظامات، نظم و ضبط اور مقررہ ایس او پیز پر عمل درآمد کا جائزہ لیا۔ کنٹرولر امتحانات کے مطابق امتحانی مرکز گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج اٹک میں ایک امیدوار رول نمبر 205907 کو نقل کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا، جس کے خلاف کیس رجسٹر کر کے بورڈ آفس ڈسپلن برانچ کو ارسال کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 9

مصریال روڈ، ویسٹریج بازار، چوہڑ چوک، آلہ آباد، گرجا روڈ، بائیس نمبر چونگی اور ڈھمیال روڈ سمیت دیگر علاقوں میں کارروائی کے دوران تجاوزات کی مد میں متعدد ٹرک سامان ضبط کر کے سٹور منتقل کر دیا گیا۔ کارروائی کا مقصد مختلف شاہراہوں اور تجارتی مراکز میں تجاوزات کے باعث پیدا ہونے والی مشکلات پر قابو پانا اور آمدورفت کو بہتر بنانا ہے۔

بقیہ 10

جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو تعمیراتی کاموں کی رفتار مزید تیز کرنے اور اعلیٰ معیار برقرار رکھتے ہوئے منصوبے کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) اسلام آباد، متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر اور سی ڈی اے کے افسران موجود تھے۔ چیئرمین سی ڈی اے کو منصوبے پر اب تک ہونے والی پیش رفت، جاری تعمیراتی سرگرمیوں اور ترقیاتی کاموں کے آئندہ مرحلے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ایکسپریس وے ایسٹ منصوبہ سڑکوں کے رابطوں کو بہتر بنانے، ٹریفک کی روانی میں اضافہ کرنے، رش کم کرنے اور دارالحکومت کے روڈ نیٹ ورک کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے اہمیت کا حامل ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے منصوبے پر کام کرنے والی ٹیم کو منظور شدہ ڈیزائن، تکنیکی تفصیلات اور تعمیراتی معیار پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے تعمیراتی کاموں کے دوران مسلسل فیلڈ مانیٹرنگ، مؤثر کوالٹی کنٹرول اور مناسب ٹریفک مینجمنٹ پر بھی زور دیا تاکہ شہریوں اور مسافروں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔ دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے کو اسلام آباد ایکسپریس وے ایسٹ کے اطراف غیر قانونی تعمیرات، غیر مجاز تجارتی سرگرمیوں، اراضی کے غیر منظور شدہ استعمال اور بلڈنگ کنٹرول ضوابط کی خلاف ورزیوں کے خلاف جاری انفورسمنٹ آپریشن کے حوالے سے بھی بریفنگ دی گئی۔ یہ کارروائیاں سی ڈی اے کے بلڈنگ کنٹرول سیکشن اور انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے ضلعی انتظامیہ اور اسلام آباد پولیس کے تعاون سے کی جا رہی ہیں۔ جاری آپریشن کے تحت مجموعی طور پر 377 تعمیرات، جن میں 281 کمرشل تعمیرات شامل ہیں، کے خلاف کارروائی کے لیے نشاندہی کی گئی ہے۔ اب تک 58 عمارتیں سیل کی جا چکی ہیں، جن میں 34 سوہان اقبال ٹاؤن جبکہ 24 کورنگ پل، کورنگ پولیس اسٹیشن اور گلبرگ گرینز کے علاقوں میں واقع ہیں۔ اس کے علاوہ سوہان سے کھنہ پل تک 124 تعمیرات کی نشاندہی کر کے انہیں مسمار کرنے کے لیے مختص کیا گیا ہے، جبکہ مسماری کی کارروائیاں بھی جاری ہیں۔ خلاف ورزیوں میں غیر قانونی تعمیرات، اراضی کا غیر منظور شدہ استعمال، منظوری کے بغیر تعمیرات اور فائر سیفٹی کے لازمی تقاضوں پر عمل درآمد نہ کرنا شامل ہے۔ متعلقہ مالکان اور قابضین کو نوٹسز جاری کیے گئے، جبکہ مقررہ مدت کے اندر خلاف ورزیاں دور نہ کرنے والوں کے خلاف انفورسمنٹ کارروائی عمل میں لائی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ انفورسمنٹ آپریشن کے دوران اب تک مجموعی طور پر 250,590,157 روپے، یعنی تقریباً 25 کروڑ 5 لاکھ 90 ہزار 157 روپے وصول کیے گئے ہیں۔ یہ رقوم اراضی کے استعمال کی تبدیلی کے چارجز، بغیر منظوری تعمیرات کے چارجز اور عمارتوں کی ڈی سیلنگ فیس کی مد میں وصول کی گئیں۔ مختلف کمرشل عمارتوں، پلازوں، ہسپتالوں، میرج ہالز اور دیگر املاک سے یہ ادائیگیاں موصول ہوئیں۔ مزید برآں، متعلقہ قواعد و ضوابط کے تحت اراضی کے استعمال کی تبدیلی، غیر قانونی تعمیرات اور سیٹ بیک، فلور ایریا ریشو (FAR) اور کورڈ ایریا سے متعلق خلاف ورزیوں کی مد میں تقریباً 3 ارب روپے مزید واجب الادا ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے متعلقہ شعبوں کو ہدایت کی کہ بلڈنگ کنٹرول ضوابط، اراضی کے استعمال سے متعلق قواعد اور فائر سیفٹی کے لازمی تقاضوں پر سختی، یکساں انداز اور بلاتفریق عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غیر قانونی تعمیرات اور غیر منظور شدہ سرگرمیوں کو اسلام آباد کی منصوبہ بند ترقی، عوامی تحفظ اور شہر کی منظم توسیع میں رکاوٹ نہیں بننے دیا جائے گا۔ شہریوں اور مسافروں نے اسلام آباد بھر میں سی ڈی اے کی ترقیاتی اور انفورسمنٹ کوششوں کو سراہا ہے۔ انہوں نے سڑکوں کے نیٹ ورک میں بہتری، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، ٹریفک مینجمنٹ، شہر کی خوبصورتی اور بلڈنگ ریگولیشنز پر مؤثر عمل درآمد کے اقدامات کا خیر مقدم کیا۔ شہریوں کے مطابق یہ اقدامات سفری سہولیات میں بہتری، عوامی تحفظ میں اضافے اور اسلام آباد کو ایک جدید، صاف ستھرا، قابلِ رسائی اور منظم دارالحکومت بنانے میں معاون ثابت ہو رہے ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی رفتار مزید تیز کی جائے گی، تعمیراتی معیار کو برقرار رکھا جائے گا، منصوبہ بندی اور بلڈنگ کنٹرول ضوابط پر مؤثر عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا اور اسلام آباد کے شہریوں کو جدید انفراسٹرکچر اور بہتر عوامی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 11

اب تک مجموعی طور پر 134,018 رجسٹریشنز مکمل ہو چکی ہیں، جن میں سیکنڈری سکولز کی 84,512، مڈل سکولز کی 30,679، کالجز کی 15,732، یونیورسٹیز کی 2,363 اور اسپیشل پرسنز کی 732 رجسٹریشنز شامل ہیں۔ ضلع وار اعداد و شمار کے مطابق اٹک میں 38,027، راولپنڈی میں 33,757، چکوال میں 33,700، جہلم میں 27,682 اور مری میں 852 رجسٹریشنز مکمل ہو چکی ہیں۔ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن کاشف حسین نے تمام فوکل پرسنز کو ہدایت کی کہ رجسٹریشن کے عمل میں تیزی لاتے ہوئے آئندہ تین روز میں نمایاں پیش رفت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے اس خصوصی اقدام کی کامیابی کے لیے تمام متعلقہ محکمے فعال کردار ادا کریں اور رجسٹریشن کی پیش رفت کی روزانہ بنیادوں پر نگرانی کرتے ہوئے مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 12

کے جاب ڈسکرپشن سے متعلق عمومی ذمہ داریوں سے متعلق سابقہ ہدایات بھی اس حد تک ختم کر دی گئی ہیں جہاں وہ نئے اسٹینڈنگ آرڈر سے متصادم ہوں۔ دستاویز کے مندرجات سے واضح ہوتا ہے کہ نئے نظام میں امیگریشن فیصلوں کو زبانی کارروائی کے بجائے باقاعدہ ڈیجیٹل ریکارڈ، تحریری فیصلے، رسک بیسڈ جانچ، افسر کی ذمہ داری اور IBMS میں مکمل ریکارڈنگ سے منسلک کیا گیا ہے۔

بقیہ 13

منصوبے پر مجموعی طور پر 63 فیصد فزیکل جبکہ 59 فیصد مالی پیش رفت ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ ضلع میں موجود غیر فعال واٹر فلٹریشن پلانٹس کی بحالی کا کام بھی جاری ہے۔ واٹر فلٹریشن پلانٹس کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے ڈیجیٹل مانیٹرنگ، شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے، کیو آر کوڈ کے ذریعے معلومات کی فراہمی اور پلانٹس کی باقاعدہ انسپکشن کے نظام پر بھی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے صاف پانی کی فراہمی کو شہریوں کی بنیادی ضرورت قرار دیتے ہوئے منصوبوں کی بروقت تکمیل، واٹر فلٹریشن پلانٹس کی مؤثر نگرانی اور عوام کو معیاری پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنانے پر زور دیا۔

بقیہ 14

سہولیات کی فراہمی اور بالخصوص طالبات کے لئے تعلیم تک رسائی آسان بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ اعلامیے کے مطابق سی ایم ای بائیکس سکیم کے تحت قرعہ اندازی کے ذریعے ایک لاکھ خوش نصیب نوجوانوں کو ای بائیکس فراہم کی جائیں گی، مستحق کامیاب امیدواروں کو صرف 3 ہزار روپے ماہانہ کی آسان اقساط ادا کرنا ہوں گی جبکہ ان بائیکس پر عائد سود حکومت پنجاب خود ادا کرے گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سکیم میں کامیاب ہونے والی طالبات کو مفت ڈرائیونگ سکھانے کا بھی انتظام کیا جائے گا تاکہ وہ محفوظ اور آسان طریقے سے اپنی تعلیمی سرگرمیوں کیلئے آمدورفت کر سکیں۔ مریم نواز شریف کا کہنا ہے کہ پنجاب میں نوجوانوں، بالخصوص طالبات کو آگے بڑھنے کیلئے تمام تر وسائل مہیا کیے جائیں گے، ای بائیکس کی فراہمی سے طالبات کو آمدورفت میں آسانی ہوگی اور ان کے ماہانہ سفری اخراجات میں بھی کمی آئے گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ پنجاب کا ہر بیٹا اور بیٹی ان کے لیے بہت خاص ہیں اور حکومت نوجوانوں کو سہولتیں فراہم کرنے کیلئے اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 15

ہدف مقرر کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سوشل سیکیورٹی موبائل ہسپتال، موبائل ڈینٹل ہسپتال، بائیک اور سکوٹیز کا معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے موبائل بائیک پر موجود میڈیسن اور طبی آلات کے بارے بریفنگ اور موبائل بائیک پر موجود ڈیوائس سے ٹمپریچر بھی چیک کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو سوشل سیکیورٹی ہسپتال کی تصویری تاریخ پر مشتمل کافی ٹیبل بک بھی پیش کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نواز شریف سوشل سیکیورٹی ہسپتال کے او پی ڈی اور رحمتہ اللعالمین کارڈیک سینٹر کا دورہ کیا اور او پی ڈی میں موجود مریضوں سے بات چیت کی اور ان کا حال دریافت کیا۔ اس موقع پر بزرگ مریضہ نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو ڈھیروں دعائیں دیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کارڈیالوجی وارڈ میں مریضوں کی عیادت کی، تسلی دی اور صحت یابی کی دعا کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے وارڈ میں بیمار ماں کی تیمارداری کرنے والی بیٹی کو سراہا اور پیار بھی کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو وزیر محنت منشا اللہ بٹ، کمشنر پیسی ذوالفقار علی کھرل اور سیکرٹری دانش افضال نے موبائل ہیلتھ پروگرام پر بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا کہ موبائل ہیلتھ یونٹس میں 10 موبائل ہسپتال، پانچ موبائل کلینک، ڈینٹل اور کارڈیک موبائل، 40 موٹر سائیکلیں اور 10 اسکوٹیز شامل کیا گیا ہے۔ موبائل ہیلتھ یونٹس میں میڈیکل باکس، فرسٹ ایڈ، بنیادی ادویات اور آگاہی دی جائیگی۔ موبائل کلینکس میں ڈاکٹر، او پی ڈی، تشخیصی سہولیات، ادویات، فرسٹ ایڈ، ٹیلی میڈیسن اور آگاہی مواد کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ موبائل ہسپتال میں ڈاکٹر، لیڈی ڈاکٹر، ریڈیولوجسٹ، نرس، لیب اور ایکس رے ٹیکنیشنز، او پی ڈی، ریڈیولوجی اور پیتھالوجی لیب موجود ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا کہ موبائل ڈینٹل ہسپتال میں ڈینٹل سرجنز، ٹیکنیشنز، ڈینٹل ایکس رے، انٹرا اورل کیمرا سسٹم اور ٹیلی میڈیسن بھی میسر ہوگی۔ پیسی موبائل ہیلتھ پروگرام کے تحت ''موبائل روہینگ ہارٹ ڈیزیز (RHD) سکریننگ یونٹ'' پروگرام شروع کر رہے ہیں۔ موبائل روہینگ ہارٹ ڈیزیز پروگرام کے تحت لاہور، شیخوپورہ اور قصور کے علاقوں میں 845,29 کارخانوں، فیکٹریوں /اداروں کا وزٹ کرے گا۔ تمام موبائل ہیلتھ یونٹس کو پیسی کے ہیڈ آفس میں قائم ڈیجیٹل ہب سے منسلک کر کے ریئل ٹائم مانیٹرنگ کی جائیگی۔ بریفنگ میں بتایا کہ 50 موبائل کلینک میں 40 موبائل بائیکس اور 10 اسکوٹیز صنعتی ورکرز اور ان کے اہل خانہ کو طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے مختلف روٹس پر موجود ہوں گی۔ موبائل ہسپتالوں میں ایکسرے، الٹراساؤنڈ، بنیادی لیبارٹری اور ماہر مرد و خواتین ڈاکٹرز موجود ہوں گے۔ موبائل یونٹس کو صوبہ بھر میں ورکرز ویلفیئر سکولوں میں زیر تعلیم 54 ہزار بچوں میں دل کی بیماریوں کی تشخیص کیلئے استعمال میں لایا جائے گا۔ بریفنگ میں مزید بتایا کہ موبائل ہیلتھ یونٹس کی فیلڈ میں مختلف روٹس پر موجودگی کی شفاف اور بروقت مانیٹرنگ بھی ڈیجیٹل ہب ڈیش بورڈ سے کی جائے گی۔ امراض قلب کے موبائل ہسپتال میں صنعتی ورکرز اور ان کے اہل خانہ کو دل کے امراض کی ابتدائی تشخیص اور طبی مشاورت فراہم کی جائیگی۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ موبائل ڈینٹل ہسپتال میں صنعتی ورکرز اور ان کے اہل خانہ کا دانتوں کا علاج ہوگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نواز شریف سوشل سیکیورٹی ہسپتال کے دورے کے دوران موبائل ہسپتالوں کے عملے اور ڈاکٹرز سے بات چیت کی اور کارڈیالوجی سینٹر کے ڈاکٹرز اور عملے کو شاباش دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ 24 سوشل سیکیورٹی ہسپتالوں میں ایک کروڑ سے زائد صنعتی ورکرز اور ان کے اہل خانہ کا بہترین علاج اور ادویات فراہم کر رہے ہیں۔ پی ای ایس ایس آئی کے تحت 250 میڈیکل آؤٹ لیٹس کے ذریعے صوبے کے ورکرز کو طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ موبائل ہیلتھ پروگرام سے پہلی مرتبہ ورکرز کو کام کی جگہ اور اہل خانہ کو دہلیز پر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں گی۔ سوشل سیکیورٹی ہسپتالوں کی موبائل ہیلتھ پروگرام سے بیماریوں کی بروقت تشخیص و علاج کے ساتھ ساتھ ہسپتالوں میں دباؤ کم ہوگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ رجسٹرڈ محنت کشوں اور ان کے اہل خانہ کو دوران کاروبار دہلیز پر طبی سہولیات فراہمی اور سوشل سیکیورٹی موبائل ہیلتھ سروسز کا آغاز سنگ میل ہے۔ فیکٹری ہو، تجارتی یا صنعتی یونٹ جہاں محنت کش ہوگا وہاں سوشل سیکیورٹی کی موبائل ہیلتھ یونٹس موجود ہوں گی۔ پنجاب سوشل سیکیورٹی موبائل ہیلتھ سروسز کا بنیادی مقصد رجسٹرڈ محنت کشوں اور ان کے اہل خانہ تک معیاری طبی سہولیات پہنچانا ہے۔

بقیہ 16

پابندی ہوگی۔ احکامات کے مطابق سڑکیں بند کرنے، ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنے، لاؤڈ اسپیکر کے استعمال اور اسلحے کی نمائش کی بھی اجازت نہیں ہوگی۔ حکم نامے میں توہین آمیز خطابات اور ایسی تقاریر یا سرگرمیوں پر بھی پابندی عائد کی گئی ہے جن سے عوام میں بے چینی یا نفرت پھیلنے کا خدشہ ہو۔ کمشنر حیدرآباد کے احکامات کے مطابق دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 17

اداروں میں عام تعطیل رہی تاہم سرکاری دفاتر کھلے رہے، سڑکوں پر ٹریفک کا رش معمول سے کم رہا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت اجلاس میں وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کی منظوری دی تھی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ خیبر پختونخوا میں آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 دونوں کا نفاذ ہوگا، جس کے تحت گورنر راج اور ایمرجنسی لگائی گئی ہے۔ ایوانِ صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں امن کی سلامتی کی صورت حال پر وزیراعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر دستخط کیے۔

بقیہ 18

نے کہا کہ بچوں سے زیادتی، ہراسمنٹ یا تشدد ناقابل برداشت ہے۔

بقیہ 19

مینوفیکچرنگ اور تجارت کریں گی۔ معاہدے پر جی فورس گروپ چین کے ڈائریکٹر ژانگ روئی اور جولنا گروپ کے چیئرمین ڈاکٹر محمد امجد نے دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت جولنا گروپ قائداعظم بزنس پارک شیخوپورہ میں الیکٹرک بائیکس کی تیاری کیلئے نیا کارخانہ قائم کرے گا، جبکہ جی فورس گروپ پنجاب میں بیٹریوں اور الیکٹرک وہیکلز کے چارجنگ اسٹیشنز کی مینوفیکچرنگ کیلئے پلانٹ لگائے گا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر صنعت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبائی حکومت الیکٹرک وہیکلز کے شعبے کو فروغ دینے پر توجہ دے رہی ہے۔ پنجاب میں دو پہیوں والی الیکٹرک گاڑیوں کے متعدد کارخانے پہلے ہی پیداوار دے رہے ہیں، جبکہ اس شعبے سے وابستہ مزید ملکی اور غیر ملکی کمپنیاں بھی صوبے میں اپنے کارخانے قائم کر رہی ہیں۔

بقیہ 20

افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 21

ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی انتظامات، چیکنگ کے عمل اور مجموعی امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسران و جوانوں کو ہمہ وقت چوکس اور مستعد رہتے ہوئے پیشہ ورانہ انداز میں فرائض انجام دینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، مشکوک افراد اور گاڑیوں کی مؤثر چیکنگ یقینی بنائی جائے اور کسی بھی غیر معمولی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فوری ردعمل دیا جائے۔ دریں اثنا، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے ریڈ زون اور ناکہ زیرو پوائنٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے سکیورٹی انتظامات، چیکنگ کے عمل اور ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مشکوک افراد، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی مؤثر چیکنگ کی جائے، سکیورٹی ڈیوٹی میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور ذمہ دارانہ رویہ اختیار کیا جائے۔

بقیہ 22

ٹیم سے ملاقات کی۔ ملاقات میں سی آئی اے کی پیشہ ورانہ کارکردگی، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں اور تفتیشی امور کا جائزہ لیا گیا اور جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کی طالبہ لائبہ اعجاز کیس میں ملوث ملزم کو گرفتار کرنے والی سی آئی اے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے افسران کو سنٹرل پولیس آفس مدعو کیا اور ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، محنت اور فرض شناسی کے اعتراف میں تعریفی اسناد سے نوازا۔ انہوں نے کہا کہ جرائم کی تفتیش اور ملزمان کی گرفتاری میں پیشہ ورانہ مہارت، جدید تفتیشی طریقوں اور مؤثر ٹیم ورک کو بروئے کار لانا ضروری ہے۔ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی سے فورس کا مورال بلند ہوتا ہے اور دیگر افسران کو بھی بہتر کارکردگی دکھانے کی ترغیب ملتی ہے۔ مزید برآں، آئی جی اسلام آباد نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے منسٹریل اور کلیریکل اسٹاف میں بھی تعریفی اسناد تقسیم کیں اور ان کی محنت، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دفتری ذمہ داریوں کی احسن انجام دہی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ منسٹریل اسٹاف پولیس کے انتظامی نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ سرکاری ریکارڈ کی درستگی، فائلوں کی بروقت تکمیل، دفتری امور کی مؤثر انجام دہی اور مختلف شعبوں کے درمیان بہتر رابطہ محکمانہ کارکردگی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 23

ٹریفک سگنل، سیٹ بیلٹ سمیت دیگر ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کی۔ ٹریفک ایجوکیشن ٹیم نے ریڈی روڈ میپ کے ذریعے بچوں کو ٹریفک قوانین کے حوالے سے عملی پریکٹس بھی کروائی۔ اس حوالے سے چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم نے کہا ہے کہ ہمارے بچے اس ملک کا مستقبل ہیں ان کی اچھی تربیت و ترقی کیلئے دنیاوی تعلیم کے ساتھ ٹریفک ایجوکیشن بھی ضروری ہے۔ ٹریفک ایجوکیشن کو تعلیمی نصاب کا حصہ ہونا چاہیے تاکہ اس سے ہر بچہ یہ جان سکے گا کہ روڈ پر اسے کیا کرنا ہے اور کس طرح اپنے آپ اور دوسروں کو روڈ حادثات سے محفوظ رکھنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک قوانین کو سمجھ کر ان پر ذمہ داری کے ساتھ عمل پیرا ہونا مہذب قوم کی پہچان ہے۔ شاہراہوں پر ٹریفک سائن بورڈ ہمارے محافظ ہیں انکو سمجھ کر ان کی پابندی محفوظ سفر کی ضمانت ہے۔

بقیہ 24

نقدی برآمد کر لی گئی۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں چوری، ڈکیتی، راہزنی اور دیگر سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کی روک تھام کے لیے کریک ڈاؤن جاری ہے۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے تمام افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں اور ان کی گرفتاری یقینی بنائی جائے۔ اسلام آباد پولیس شہریوں سے اپیل کرتی ہے کہ جرائم کے خاتمے کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا شخص کے بارے میں فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر اطلاع دیں۔

بقیہ 25

سی پی او حسن مشتاق سکھیرا اور پنجاب پولیس کی جانب سے مبارکباد اور تحائف دیئے، اور نیک خواہشات کا اظہار کیا، کانسٹیبل امیر داد شہید نے 15 فروری 2002 کو کوٹلی ستیاں کے علاقہ میں خطرناک اشتہاری کی گرفتاری کے لئے ریڈ کے دوران جام شہادت نوش فرمایا، آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق شہداء فیملیز کی ویلفیئر اولین ترجیحات میں ہے، شہداء ہمارے اور اس قوم کے محسن ہیں انکی لازوال قربانیاں ہمارا سرمایہ ہیں۔ سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے کہا کہ شہداء فیملیز کی ویلفیئر کے لئے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 26

جھوٹے الزامات لگا کر مقدمات درج کرانے اور بعد ازاں بڑی رقوم کے عوض ملزمان کے حق میں بیانات دیکر مقدمات ختم کرانے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ جنسی زیادتی جیسے سنگین جرم کا جھوٹا الزام لگا کر ذاتی مفادات حاصل کرنے اور قانون کا غلط استعمال کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد کے مطابق اس اقدام کا مقصد قانون کے غلط استعمال کی حوصلہ شکنی اور عدالتی و انتظامی سطح پر انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہے، حقیقی متاثرین کو انصاف فراہم کرنا اور خواتین سمیت تمام شہریوں کے حقوق کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 27

دیگر متعلقہ افراد بھی موجود تھے۔ ہفتہ صفائی مہم کے انعقاد کا بنیادی مقصد ضلع بھر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانا، عوام میں صفائی کی اہمیت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا اور صاف ستھرے ماحول کے قیام کو فروغ دینا ہے۔ مہم کے تحت مختلف علاقوں، بازاروں، گلی محلوں اور عوامی مقامات پر صفائی کے انتظامات بہتر بنانے اور کوڑا کرکٹ کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر صفائی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا گیا کہ صاف ستھرا ماحول نہ صرف صحت مند معاشرے کی بنیاد ہے بلکہ شہریوں کی اجتماعی ذمہ داری بھی ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے بلدیہ، سول سوسائٹی، تاجروں اور عام شہریوں کا باہمی تعاون ناگزیر ہے۔

بقیہ 28

سے دمام ایئرپورٹ کی 3 پروازیں منسوخ ہوئی ہیں۔

بقیہ 29

ثمر ہارون بلور کو مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا کی نئی ذمے داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ مشیر اطلاعات صوبے کے مثبت تشخص اور سافٹ امیج کو اجاگر کرنے کے لیے مؤثر کردار ادا کریں۔

بقیہ 30

میانوالی کے دفتر میں سال برائے 2021 سے 2025 تک جونیئر کلرکس کی تقرریوں اور بھرتیوں کی قواعد و ضوابط کے مطابق جانچ پڑتال کے لیے شکایات جمع کرائی گئی تھیں، شکایات کنندگان کا کہنا ہے کہ میرٹ، شفافیت اور احتساب کے اصولوں کے تحت مذکورہ شکایت کنندہ ملازم کے اپنے سروس ریکارڈ، پوسٹنگ، حاضری، ڈیوٹی اور محکمانہ معاملات کا بھی غیر جانب دارانہ بغور جائزہ لیا جائے، لہٰذا وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف اور صوبائی سیکرٹری صحت و بہبود آبادی پنجاب نادیہ ثاقب ذاتی دلچسپی لے کر مذکورہ ملازم کے تقریباً 26 سالہ سروس ریکارڈ، مختلف مقامات پر تعیناتی اور عملی طور پر ڈیوٹی سرانجام دینے کی صورتحال کی تصدیق کی جائے، چکڑالہ میں مبینہ تعیناتی کے دوران حاضری اور ڈیوٹی کے ریکارڈ کو بھی چیک کرایا جائے۔

بقیہ 31

عمل میں لائی جائیگی، جو نجی اسکول سردیوں کی چھٹیوں کی فیس وصول کریں گے ان کی رجسٹریشن منسوخ کر کے انہیں سیل کر دیا جائیگا۔ ڈپٹی کمشنر نے والدین کو ہدایت کی کہ وہ چھٹیوں کی فیس وصولی سے متعلق اپنی شکایات فوری طور پر ڈپٹی کمشنر آفس یا محکمہ تعلیم کے متعلقہ حکام تک پہنچائیں تاکہ خلاف ورزی کرنے والے اسکولوں کے خلاف بروقت کارروائی کی جا سکے۔

بقیہ 32

جنجوعہ اور ایمل خان کی ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ سے جیل میں ملاقات کرانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 33

چاہتے ہیں، ہمیں عوام نے پیغام دیے ہیں، عوام کا رسپانس اچھا آیا ہے، ان کا خیال تھا کہ ہم صوبے کو جام کر دیں گے، آگ لگائیں گے، کے پی کے عوام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اچھا کام کیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ مجھے یقین ہے اللہ پاک ہمیں کامیاب کرے گا، پورا صوبہ پرامن ہے، 24 گھنٹوں میں صورت حال کو ہینڈل کیا، گورنر فیصل کریم کنڈی سے بہت امید ہے۔

بقیہ 34

کے کلائمیٹ پراسپیریٹی پلان کی تیاری اور موسمیاتی مالیات کے حصول کے لیے قابل سرمایہ کاری منصوبوں کی نشاندہی میں وی 20 کے تعاون کو سراہا۔ مالیاتی ذمہ داری کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے وزیرِ خزانہ نے کہا کہ موسمیاتی چیلنجز اور جغرافیائی و سیاسی غیر یقینی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ملکی اور بیرونی مالیاتی گنجائش کو مضبوط بنانا ضروری ہے۔ وزیرِ خزانہ نے ماحول دوست سرمایہ کاری کو متحرک کرنے کے مواقع اجاگر کرتے ہوئے پاکستان کے پہلے گرین پانڈا بانڈ کا حوالہ دیا۔ انہوں نے مجوزہ فنڈ کے اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے مشترکہ ذمہ داری، جوابدہی اور مؤثر عملدرآمد کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیرِ خزانہ نے لاس اینڈ ڈیمیج فنڈ کی مثال دیتے ہوئے خبردار کیا کہ موسمیاتی اقدامات کو محض اعلانات اور وعدوں تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ ان پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جانا چاہیے۔ انہوں نے موسمیاتی مالیات کے حوالے سے وی 20 کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کیا۔

بقیہ 35

کہا کہ جعلی لیڈرشپ، جعلی انقلاب، جعلی احتجاج ہے، اگلی بار چاند پر بھی جلسہ کروا دینا، ناسا والی ویڈیو لگا دینا۔ ان کا کہنا تھا کہ جس صوبائی حکومت کے زیرِ سایہ دہشتگرد محفوظ ہوں، پولیس نہتی اور عوام کو ان کے رحم و کرم پہ چھوڑ دیا جائے وہاں ایمرجنسی ہی ہوتی ہے، جو وزیراعلیٰ قومی ترانے اور جھنڈے کے احترام سے عاری ہو، وہ قابل نفرت ہوتے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت نے 13 سال میں اس صوبے کو کیا دیا؟ پی ٹی آئی حکومت نے کے پی کے عوام کے ساتھ کیا سلوک کیا یہ روزِ روشن کی طرح عیاں ہے۔

بقیہ 36

قریب تکنیکی خرابی کے باعث طیارہ حادثے کا شکار ہوا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق حادثے میں طیارے کے دونوں پائلٹس نے جام شہادت نوش کیا، شہداء میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد اور زیر تربیت پائلٹ کیپٹن عبدالصمد شامل ہیں۔

بقیہ 37

کے درمیان تنازعات باہمی گفت و شنید سے کم وقت اور کم خرچ میں حل کیے جا سکیں گے۔ اتھارٹی طے پانے والے تصفیہ کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کرے گی، اتھارٹی کے قیام سے عدالتی نظام پر موجود مقدمات کے بوجھ میں کمی آئے گی۔ پنجاب حکومت نے عدالت سے باہر تنازعات کے تصفیے میں تیزی لانے کے لیے آرڈیننس کے تحت نئی اتھارٹی قائم کر دی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب اتھارٹی کی چیئرپرسن ہوں گی، جبکہ ڈائریکٹر جنرل اور مختلف شعبوں کے ماہرین کو بطور ممبران مقرر کیا جائے گا۔ ممبران کی تقرری چیف منسٹر چیئرپرسن اتھارٹی کریں گی، تعیناتی کی مدت میں توسیع بھی کی جا سکے گی۔ پنجاب الٹرنیٹو ڈسپیوٹ ریزولیشن اتھارٹی میں ہائیکورٹ، سپریم کورٹ اور ماتحت عدلیہ کے ریٹائرڈ ججز، ریٹائرڈ سرکاری افسران، فوجداری و دیوانی ٹیکس ماہرین سمیت دیگر امور کے ایکسپرٹس کی تقرری کی جائے گی۔ اتھارٹی کے فورم پر حکومت اور عوام، عوام اور عوام کے باہمی تنازعات اور کارپوریٹ کمپنیوں کے درمیان معاملات زیر غور لائے جا سکیں گے۔ اتھارٹی عدالتوں میں زیر سماعت مقدمات سے ہٹ کر تنازعات کو باہمی گفت و شنید کے ذریعے حل کرے گی جس سے طویل قانونی چارہ جوئی سے بچنے میں مدد ملے گی۔ اتھارٹی مختلف شعبوں کے ماہرین کو لائسنس جاری کر کے تصفیے کے عمل میں شامل بھی کر سکے گی جبکہ فورم پر طے پانے والے معاملات کو نوٹیفائی کیا جائے گا۔ نئی اتھارٹی کے قیام کا مقصد تنازعات کا کم وقت اور کم خرچ میں حل یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 38

بی آر کے مطابق ٹیکس فائلرز کی ملک بھر میں موجود جائیدادوں اور اثاثوں سے متعلق ڈیٹا دستیاب ہے جس کی مدد سے انکم ٹیکس گوشواروں میں ظاہر کی گئی معلومات کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر انکم ٹیکس گوشواروں کا اپنے ڈیٹا سے خودکار نظام کے تحت موازنہ کریگا جبکہ معلومات کی تصدیق اور ممکنہ بے ضابطگیوں کی نشاندہی کیلئے مصنوعی ذہانت (آرٹیفیشل انٹیلی جنس) سے بھی مدد حاصل کی جائیگی۔ ذرائع کے مطابق گوشواروں میں اثاثے چھپانے یا ریکارڈ میں ردوبدل کرنے پر سخت جرمانے عائد کئے جا سکتے ہیں، تنخواہ دار طبقے کی جانب سے انکم ٹیکس گوشوارہ غلط پر کرنے پر تنخواہ کے 75 فیصد تک جرمانہ عائد ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق جرمانہ مقررہ وقت پر جمع نہ کرانے کی صورت میں یومیہ ایک ہزار روپے اضافی جرمانہ بھی عائد ہو سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق انکم ٹیکس گوشواروں میں غلطیوں کی تصحیح کیلئے 15 اکتوبر سے پہلے درستگی کرانے کی گنجائش موجود ہے، ٹیکس فائلرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے گوشواروں میں درج معلومات، آمدن اور اثاثوں کی تفصیلات کا جائزہ لے کر کسی بھی غلطی کی بروقت تصحیح یقینی بنائیں۔

بقیہ 39

آفیسر ضلع کونسل، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں صفائی کے عمل کو مؤثر بنانے کے لیے کنٹینرز کی مزید فراہمی، جنگلی جڑی بوٹیوں کے خاتمے کے لیے کٹنگ مشینوں کی دستیابی اور نجی طور پر کوڑا کرکٹ جمع کرنے والوں کی وجہ سے پیش آنے والی مشکلات کا جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ ویلج کونسلوں کو فعال بنانے، گھر گھر سے کوڑا کرکٹ جمع کرنے کی مہم کو مؤثر بنانے اور جی ٹی روڈ کے علاقے میں صفائی کے مکمل اور مربوط نظام کو یقینی بنانے کے امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے ذریعے صفائی کے نظام میں بہتری لائیں تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے اور ستھرا پنجاب پروگرام کے مقاصد کو مؤثر انداز میں حاصل کیا جا سکے۔

بقیہ 40

الائنس کے اجلاس میں خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ سمیت ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر اہم مشاورت کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں آئندہ کی سیاسی حکمتِ عملی اور مستقبل کے لائحہ عمل سے متعلق اہم فیصلے کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق ملکی سیاسی صورتحال پر پارلیمنٹ میں اپوزیشن اتحاد کی مشاورت جاری ہے، محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن اور پی ٹی آئی کو تمام فورمز پر سیاسی جدوجہد کا کہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ محمود خان اچکزئی کا کہنا ہے کہ عدالتی اور پارلیمانی فورم سمیت سڑکوں پر بھی سیاسی جدوجہد کی جائے، محمود خان اچکزئی کی احکامات کے بعد پی ٹی آئی ارکان عدالتی فورم کا استعمال کریں گے۔

بقیہ 41

میں ویگن میں سوار 9 افراد جاں بحق اور 19 افراد زخمی ہو گئے۔ نصیرآباد میں بھی ڈھاڈر قومی شاہراہ پر حادثہ ہوا، ٹرک کی کار کو ٹکر کے نتیجے میں 3 خواتین سمیت 4 افراد جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہو گیا۔

بقیہ 42

21 تحصیلوں میں صفائی کے کنٹریکٹ منسوخ کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا ہے، ان 21 تحصیلوں میں صفائی کا کنٹریکٹ ایک ہی کمپنی نے حاصل کیا تھا۔ مجموعی طور پر پنجاب کی 26 تحصیلوں میں کنٹریکٹ منسوخ کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق کنٹریکٹ منسوخ ہونے والی تحصیلوں میں مشینری کی ہینڈنگ اور ٹیکنگ اوور کا عمل جاری ہے جبکہ ویسٹ کلیکشن آن سورس کے انتظامات کیلئے بھی کام شروع کر دیا گیا ہے۔ حکومتی فیصلے کے تحت متعلقہ ڈپٹی کمشنر 90 روزہ سیلف آپریشن کی نگرانی کے انچارج ہوں گے۔ ملتان، فیصل آباد، جھنگ، بھکر اور لیہ میں صفائی کے کنٹریکٹ منسوخ کیے جا چکے ہیں، جبکہ دیگر متعلقہ تحصیلوں میں بھی کارروائی آگے بڑھائی جا رہی ہے۔

بقیہ 43

تفصیلات کے مطابق تنگل کسووال میں بہن اور بھابھی کے ٹک ٹاک بنانے سے منع کرنے پر مبینہ طور پر دو بھائیوں عدنان اور لقمان کے درمیان شدید تکرار ہوئی طیش میں آ کر بڑے بھائی عدنان نے چھوٹے بھائی لقمان پر سیدھی فائرنگ کر دی اس دوران لقمان کی 22 سالہ بیوی مریم اپنے شوہر کو بچانے کے لیے آگے بڑھی تو گولی کا نشانہ بن گئی، جبکہ مریم کے پیچھے کھڑی 20 سالہ بہن زینب بھی اسی گولی کی زد میں آ گئی پولیس کے مطابق گولی مقتولہ مریم کے سر کو چیرتی ہوئی زینب کے سینے میں جا لگی ریسکیو حکام کے مطابق ملزم عدنان کی بھابھی مریم زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی دم توڑ گئی، جبکہ شدید زخمی بہن زینب کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا جا رہا تھا کہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں ہی دم توڑ گئی واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو تحویل میں لے کر قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا پولیس نے مقتولہ مریم کے والد کی مدعیت میں مرکزی ملزم عدنان، اس کے بھائی لقمان اور والد سیف کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے لقمان اور سیف کو حراست میں لے لیا ہے، جبکہ موقع سے فرار ہونے والے مرکزی ملزم عدنان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ 44

طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی، اس موقع پر ڈاکٹر شیریں مزاری، ایڈووکیٹ ریاست علی آزاد اور ایڈووکیٹ ایمل خان عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے ریاست علی آزاد، زینب جنجوعہ اور ایمل خان کی ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ سے جیل میں ملاقات کرانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 45

کے ایکسچینج اسٹیبلائزیشن فنڈ سے متعلق بات چیت جاری ہے، اگر یہ سہولت حاصل ہو جاتی ہے تو پاکستان کے لیے بڑی مدد ثابت ہوگی، تاہم اس کے حصول میں کامیابی نہ ملنے کی صورت میں بھی عالمی مالیاتی منڈیوں تک رسائی متاثر نہیں ہوگی۔ وزیر خزانہ کے مطابق عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ساتھ معاہدے کے بعد پاکستان کو ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کی مالی معاونت ملنے کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔ محمد اورنگزیب نے بتایا کہ پاکستان نے ایندھن کی مناسب مقدار حاصل کر لی ہے اور ملک کو ایندھن کی قلت سے کامیابی کے ساتھ بچایا گیا ہے، حکومت مہنگائی پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات کا جائزہ لے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تقریباً ایک درجن سرکاری ادارے نجکاری کے مختلف مراحل میں ہیں، جبکہ رواں مالی سال 5 سے 6 اداروں کی نجکاری سے ایک ارب ڈالر سے زائد حاصل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وزیر خزانہ کے مطابق بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری اور ہوائی اڈوں کے انتظامی امور نجی شعبے کے حوالے کرنے کے لیے بھی کام جاری ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت چاہتی ہے کہ ملکی ترقی میں نجی شعبہ مرکزی کردار ادا کرے، جس کے لیے نجی سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور کاروبار کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔

بقیہ 46

طلب کر لیا۔ ملزمہ نے ضابطہ فوجداری کی دفعہ 265 کے تحت بریت کی درخواست دائر کی ہے۔ ملزمہ کے وکیل میر ہدایت اللہ نے موقف اختیار کیا کہ مقدمے میں انمول پنکی کے خلاف ٹھوس شواہد موجود نہیں، لہٰذا انھیں مقدمے سے بری کیا جائے۔ وکیل نے عدالت کو بتایا کہ انمول عرف پنکی کو گزری میں درج 3 مقدمات میں پہلے ہی بری کیا جا چکا ہے۔ واضح رہے کہ مقدمے میں ملزمہ کے 2 مبینہ سہولت کار ضمانت پر رہائی کے بعد مفرور ہو چکے ہیں۔ واضح رہے کہ انمول عرف پنکی کا نام کراچی میں مبینہ منشیات فروشی کے نیٹ ورک سے متعلق پولیس اور سی ٹی ڈی کی کارروائیوں کے بعد نمایاں ہوا ہے۔ مئی 2026 میں ان کی گرفتاری کی خبر سامنے آئی تھی، انھیں پولیس بیان کے مطابق 12 مئی کو کراچی کے علاقے گارڈن میں ایک کارروائی کے دوران گرفتار کیا گیا تھا۔ حکام نے ان کے قبضے سے منشیات اور اسلحہ برآمد ہونے کا دعویٰ کیا، جب کہ انمول نے پولیس کے دعوؤں کی تردید کی اور الزام لگایا کہ انھیں کراچی منتقل کرنے سے پہلے لاہور میں حراست میں رکھا گیا تھا۔

بقیہ 47

سرگودھا ریجن کے علاقہ میانوالی کے قصبہ کندیاں میں محلہ گجرانوالہ میں موٹر سائیکل سوار مسلح افراد احتشام نے ماں سے تعلقات کی شک میں ساتھی کے ہمراہ فائرنگ کر کے آٹا چکی کے باہر نوجوان عرفان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس تھانہ کندیاں نے مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر دی اور اس کے بھائی محمد اکرام کی مدعیت میں محلہ سنبلا نوالہ کے 2 ملزمان محمد احتشام اور محمد اورنگ زیب کے خلاف مقدمہ قتل 302/34 ت پ درج کر لیا اور مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 48

کرتے وقت احتیاط نہ کرنے کے باعث پیش آئے۔ انہوں نے کہا کہ ماڈل روڈز پر 97 فیصد جبکہ دیگر سڑکوں پر 88 فیصد سے زائد موٹرسائیکل سوار ہیلمٹ پہن رہے ہیں۔ ہیلمٹ کے استعمال کے ساتھ اب سائیڈ ویو مررز کی موجودگی بھی ضروری ہے تاکہ ٹریفک حادثات کی روک تھام کی جا سکے۔ سی ٹی او لاہور نے موٹرسائیکل مینوفیکچررز کے لیے مناسب مینوفیکچرنگ اسٹینڈرڈز متعارف کروانے کی تجویز بھی پیش کی ہے۔ خط میں سفارش کی گئی ہے کہ موٹرسائیکلوں میں مرر کا راڈ مستقل نصب کیا جائے اور سائیڈ ویو مررز اتارنے کے رجحان کی حوصلہ شکنی کی جائے۔

بقیہ 49

سال تک کارروائی نہ ہونے پر سخت سوالات اٹھاتے ہوئے کیس کی سماعت کے لیے لارجر بنچ تشکیل دینے کا عندیہ دے دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے دوران سماعت ریمارکس دیئے کہ چھ سال بعد جوڈیشل ایکشن لیا گیا، اسے آئین اور قانون تسلیم نہیں کرتا۔ دوران سماعت ڈی جی اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل مائدہ صوبیہ کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل نے رپورٹ کے حوالے سے بتایا کہ ایک افسر نے ملزمان کو گناہ گار جبکہ دوسرے نے بے قصور قرار دیا۔ انہوں نے بتایا کہ چھ سال سے ایسا ہی ہو رہا ہے۔ اس پر چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ نیب کے بڑے بڑے کیسز اب اینٹی کرپشن میں آ گئے ہیں۔ چیف جسٹس نے ڈی جی اینٹی کرپشن سے استفسار کیا کہ ملزمان کے خلاف جوڈیشل ایکشن لینے کے لیے چھ سال کیوں لگے، مطلوبہ کارروائی کے لیے اتنا طویل عرصہ کیوں انتظار کیا گیا؟ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ چھ سال گزر گئے اور ملزمان کے خلاف کوئی جوڈیشل ایکشن نہیں لیا گیا۔ چھ سال بعد کارروائی کرنے کو آئین اور قانون تسلیم نہیں کرتا۔ ڈی جی اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ نے عدالت سے کچھ مہلت دینے کی استدعا کی تاہم چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ان کے موقف پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ یہ اس کا کوئی جواب نہیں۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ ملزم کو بے گناہ کس نے لکھا تھا؟ اس پر ڈی جی اینٹی کرپشن نے بتایا کہ متعلقہ ڈائریکٹر نے ملزم کو بے گناہ قرار دیا تھا۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے سوال کیا کہ کیا یہ افسر پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ میں رہ چکے ہیں؟ ڈی جی اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ نے جواب دیا کہ جی، وہ پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ میں رہ چکے ہیں۔

بقیہ 50

انعام میں 5 لاکھ روپے کے تین جبکہ تیسرے انعام میں 9300 روپے کے 1,696 انعامات کامیاب خوش نصیبوں میں تقسیم کیے جائیں گے۔ پرائز بانڈز پر ملنے والی انعامی رقم پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی، انکم ٹیکس قوانین کے مطابق فائلرز پر 15 فیصد اور نان فائلرز پر 30 فیصد ٹیکس لاگو ہوتا ہے۔

بقیہ 51

ہسپتالوں کا فائر سیفٹی آڈٹ کیا گیا، جن میں 56 ٹرشری کیئر، 41 ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر (ڈی ایچ کیو) اور 142 تحصیل ہیڈکوارٹر (ٹی ایچ کیو) ہسپتال شامل ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ہسپتالوں میں مجموعی طور پر 710 فائر ہائیڈرنٹس نصب کرنے کی تجویز دی گئی تھی، جن میں سے 691 نصب کیے جا چکے ہیں، لاہور اور راولپنڈی ڈویژن کے ہسپتالوں میں فائر ہائیڈرنٹس کی تنصیب 100 فیصد مکمل کر لی گئی ہے جبکہ فیصل آباد میں 89 میں سے 86 اور بہاولپور میں 69 میں سے 61 ہائیڈرنٹس نصب کیے گئے ہیں۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق ہسپتالوں میں سیفٹی مینیجرز کی تعیناتی میں بھی اضافہ ہوا ہے، پہلے 157 ہسپتالوں میں سیفٹی مینیجرز تعینات تھے، جن کی تعداد بڑھ کر 225 ہو گئی ہے، اسی طرح 56 ٹرشری ہسپتالوں میں سیفٹی مینیجرز کی تعداد 29 سے بڑھا کر 44 کر دی گئی ہے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ پنجاب کے 212 ہسپتالوں کو تجاوزات سے پاک کر دیا گیا ہے جبکہ فائر ایکسٹنگوشرز کی دستیابی 233 سے بڑھ کر 238 ہسپتالوں تک پہنچ گئی ہے۔

بقیہ 52

دھرنوں اور احتجاج کے سبب معیشت کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ انھوں نے اپنی تقریر میں افغانستان میں طالبان حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا افغانستان سے صرف ایک مطالبہ ہے کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دے، افغانستان میں کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشتگردوں کی موجودگی خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے۔ پاکستان کے وزیر خارجہ نے افغان طالبان پر الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ وہ 'دہشتگردوں کو اسلحے سمیت ہر قسم کی امداد دینا بند کریں۔'

بقیہ 53

یونیورسٹی کے آفر لیٹرز اور فیس کی رسیدیں بھی دی گئیں۔ امریکا میں اعلیٰ تعلیم اور اسکالرشپ کا خواب فراڈ ثابت ہونے پر شدید مالی نقصان اور ذہنی اذیت کا سامنا کرنے والی لائبہ نے 9 اکتوبر کو مبینہ طور پر گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کی تھی۔ دوسری جانب پولیس اور ایف آئی اے نے تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا ہے اور فراڈ میں مزید افراد کے ملوث ہونے کے امکان پر تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 54

سب ڈویژن، دامن سٹی، مراکہ مارکیٹنگ، مراکہ ہومز، مراکہ سٹی اور نیو لاہور سٹی کے خلاف کارروائیاں کی گئیں۔ ایل ڈی اے کی ٹیموں نے کارروائی کے دوران غیر قانونی رہائشی سکیموں کی چار دیواریاں، دفاتر، سڑکیں اور دیگر تعمیرات مسمار کر دیں۔ ایل ڈی اے حکام کے مطابق غیر قانونی رہائشی سکیموں کے خلاف کارروائیوں کا مقصد شہریوں کو غیر قانونی ہاؤسنگ منصوبوں میں سرمایہ کاری سے محفوظ رکھنا اور منظور شدہ قوانین پر مکمل درآمد یقینی بنانا ہے۔

چوآسیدن شاہ کی کریانہ مارکیٹ میں ''اصل'' قیمت پر ''نقل'' کا طوفان

چوآسیدن شاہ میں مبینہ جعلی صابن، شیمپو، کریموں اور برتن دھونے والی مصنوعات کی فروخت؟ اصل قیمت پر دو نمبر مال کی فراہمی کے الزامات

ڈائریکٹر جنرل PSQCA، وفاقی کاسمیٹکس ریگولیٹری حکام، ڈپٹی کمشنر چکوال اور اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد سے) چوآسیدن شاہ کی کریانہ مارکیٹ میں صابن، شیمپو، کریموں، لوشن اور برتن دھونے والی مصنوعات کی اصلیت اور معیار سے متعلق سوالات اٹھنے لگے۔ شکایت کنندہ کے مطابق، اس نے خود بعض مصنوعات خریدی ہیں جبکہ ایک ایجنٹ مختلف کریانہ اسٹورز پر یہ اشیا سپلائی کر رہا ہے۔ الزام ہے کہ بعض مصنوعات مبینہ طور پر جعلی یا دو نمبر ہیں، تاہم ان کی قیمت اصلی مصنوعات کے برابر وصول کی جا رہی ہے۔ مہنگائی کے دور میں جب غریب شہری شیمپو کے ساشے خرید کر اپنی ضروریات پوری کرتے ہیں، وہاں (بقیہ نمبر 1)

گوجرخان روڈ پر خوفناک حادثہ، ڈرائیور جاں بحق

بریک جام ہونے پر بے قابو ٹینکر ٹرالر موبائل شاپ میں جا گھسا

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان روڈ پر چک چکوڑہ چوک کے قریب بریک جام ہونے کے باعث تیز رفتار بوزر (ٹینکر ٹرالر) بے قابو ہو کر موبائل شاپ میں جا گھسا، جس کے نتیجے میں دکان اور گاڑی کا کیبن مکمل طور پر تباہ ہو گئے جبکہ ڈرائیور جان کی بازی ہار گیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور گاڑی میں پھنسے (بقیہ نمبر 2)

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری نے سنٹرل پولیس آفس میں اردل روم منعقد کیا، جہاں پولیس افسران کے سروس اور ذاتی نوعیت کے مسائل براہِ راست سنے

سیپکو کندھ کوٹ ڈویژن میں 53 ملازمین کے خلاف کارروائی

ہائیڈرو یونین سراپا احتجاج، بحالی تک جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان

ملازمین کے خلاف کارروائی پر انکوائری کمیشن قائم کرنے کا مطالبہ

کندھ کوٹ اور جیکب آباد ڈویژنوں میں احتجاجاً کام بند کرنے کا اعلان

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (سیپکو) کے کندھ کوٹ ڈویژن میں 53 واپڈا ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائی، تین ملازمین کو ملازمت سے برطرف جبکہ دیگر کو معطل کیے جانے کے معاملے پر آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے رہنماؤں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے ملازمین کی بحالی تک جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے یونین رہنماؤں نے سیپکو انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ملازمین کے خلاف کی جانے والی کارروائی کی وجوہات سامنے لائی جائیں اور معاملے کی شفاف تحقیقات کے لیے باقاعدہ انکوائری کمیشن قائم کیا جائے تاکہ حقائق واضح ہو سکیں اور ملازمین کو اپنا مؤقف پیش (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی، انچارج ٹریفک ایجوکیشن ریڈی روڈ میپ کے ذریعے بچوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق عملی پریکٹس کروا رہی ہیں

چھنی روات ایک فٹنس سنٹر، گاڑیوں کی قطاریں، شہری پریشان

راولپنڈی کی تمام تحصیلوں کے لیے صرف دو ایم او ٹی سنٹرز، صبح سے رات تک انتظار ٹرانسپورٹرز کی دیہاڑیاں کاروبار متاثر

گوجرخان، کلر سیداں سمیت ہر تحصیل میں فٹنس سنٹر قائم کیے جائیں، شہری حلقوں کا حکومت پنجاب سے مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) گاڑیوں کے ایم او ٹی، فٹنس سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے راولپنڈی کی مختلف تحصیلوں کی ضروریات کے مقابلے میں مراکز کی محدود تعداد شہریوں، بالخصوص کمرشل ٹرانسپورٹرز کے لیے سنگین مسئلہ بن گئی ہے۔ شہری حلقوں کے مطابق راولپنڈی کی تمام تحصیلوں کے لیے فی الحال صرف دو مراکز، ایک پشاور روڈ اور دوسرا روات چھنی پولیس اسکول کے قریب قائم ہے۔ چھنی کے مرکز پر (بقیہ نمبر 4)

حیدرآباد ڈویژن کے 9 اضلاع میں 15 روز کیلئے دفعہ 144 نافذ

توہین آمیز خطابات اور ایسی تقاریر یا سرگرمیوں اور جلسے جلوس پر بھی پابندی عائد کی گئی ہے

حیدرآباد (این این آئی) کمشنر حیدرآباد فیاض عباسی نے ڈویژن کے تمام 9 اضلاع میں آئندہ 15 روز کے لیے دفعہ 144 نافذ کر دی جس کے تحت عوامی مقامات پر پانچ یا اس سے زائد افراد کے جمع ہونے سمیت مختلف سرگرمیوں پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ دفعہ 144 کے تحت حیدرآباد، جامشورو، ٹھٹھہ، سجاول، بدین، ٹنڈو محمد خان، ٹنڈو الہیار، مٹیاری اور دادو میں بغیر اجازت مظاہرے، ریلیاں، جلوس، دھرنے، بھوک ہڑتال اور جلسے کرنے پر (بقیہ نمبر 16)

پاکستان وی 20 کے موسمیاتی مالیاتی ایجنڈے کا حامی

اس پر مؤثر عملدرآمد کی ضرورت ہے، وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے وی 20 کے موسمیاتی مالیات کے ایجنڈے کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس پر مؤثر عملدرآمد اور مالیاتی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے یہ بات بنکاک میں عالمی بینک اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر منعقدہ 17ویں وی 20 وزارتی مکالمے میں شرکت کے موقع پر کہی۔ وزیر خزانہ نے پاکستان (بقیہ نمبر 34)

الیکٹرک وہیکلز کی تیاری، جولٹا اور جی فورس کا جوائنٹ وینچر، معاہدہ طے

دونوں کمپنیاں مشترکہ طور پر الیکٹرک وہیکلز کی مصنوعات کی مینوفیکچرنگ اور تجارت کریں گی

لاہور (این این آئی) جولٹا الیکٹرک اور چین کے جی فورس گروپ کے درمیان الیکٹرک وہیکلز کی مصنوعات کی تیاری اور تجارت کیلئے جوائنٹ وینچر کا معاہدہ طے پا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت چودھری شافع حسین معاہدے پر دستخطوں کی تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ معاہدے کے تحت دونوں کمپنیاں مشترکہ طور پر الیکٹرک وہیکلز کی مصنوعات کی (بقیہ نمبر 19)

مصریال روڈ پر کچرے کے ڈھیر، صفائی نظام کی قلعی کھل گئی

شہری صفائی ٹیکس ادا کرنے کے باوجود گندگی اور تعفن کے حوالے، عملہ اور سپروائزر فیلڈ سے غائب ہونے کی شکایات

اسٹیشن کمانڈر اور سی ای او راولپنڈی کینٹونمنٹ بورڈ سے نوٹس لینے اور مستقل صفائی یقینی بنانے کا مطالبہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹونمنٹ بورڈ کے علاقے مصریال روڈ، نزد برف خانہ چوک، مین روڈ پر کچرے کے ڈھیر صفائی کے انتظامات پر سوالیہ نشان بن گئے۔ سڑک کے کنارے جمع کوڑا کرکٹ اور پھیلتی بدبو نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا، جبکہ تعفن کے باعث علاقے میں معمولاتِ زندگی متاثر ہونے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ مقامی شہریوں کے مطابق صفائی عملہ کئی کئی دن بعد علاقے کا رخ کرتا ہے اور رسمی صفائی کے بعد غائب ہو جاتا ہے، جس کے باعث کچھ ہی عرصے میں دوبارہ کچرے (بقیہ نمبر 5)

لاہور، محنت کش روزگار کمانے کے لئے بیگز فروخت کر رہا ہے

4 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 30 بوتل اور 05 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ چکلالہ، ریس کورس، گنجمنڈی اور روات کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کا اجلاس آج ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کا اجلاس آج (منگل) 13 اکتوبر کو ہوگا جس میں دو نئے ارکان بلاول بھٹو زرداری اور رانا ثنا اللہ بھی شریک ہوں گے۔ جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں سندھ ہائیکورٹ کے ججز کے حوالے سے فیصلہ کیا جانا ہے۔

مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس 26 اکتوبر کو ہوگا

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا تیسرا اجلاس 26 اکتوبر کو منعقد ہوگا۔ اجلاس کی صدارت گورنر اسٹیٹ بینک کریں گے۔ اجلاس میں پالیسی ریٹ کی شرح کے حوالے سے فیصلہ کیا جائے۔ اسی روز مانیٹری پالیسی بیان اور پریس کانفرنس بھی شیڈول ہے جبکہ بریفنگ سلائیڈز 27 اکتوبر کو جاری ہوں گی۔ 26 اکتوبر کو ہونے والا اجلاس رواں مالی سال کا تیسرا اجلاس ہوگا۔

پشاور، دوسرے روز بھی مختلف راستے بند، ریڈ زون مکمل طور پر سیل

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد پشاور میں مسلسل دوسرے روز بھی مختلف راستے بند رہے، شہر کے ریڈ زون کو مکمل طور پر سیل کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پشاور کی مختلف سڑکوں پر کنٹینرز رکھ کر آمد و رفت محدود کر دی گئی ہے، بی آر ٹی سروس بھی دوسرے روز بند رہی، شہر کے تمام سرکاری اور نجی تعلیمی (بقیہ نمبر 17)

لاہور سے شادی پر آئی 8 سالہ بچی سے زیادتی کے مقدمہ کا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے لاہور سے شادی پر آئی 8 سالہ بچی سے زیادتی کے مقدمہ کا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے لاہور سے شادی پر آئی 8 سالہ بچی سے زیادتی کے مقدمہ میں ملزم کو گرفتار کر لیا، مدعی مقدمہ کے مطابق ملزم نے میری بچی کے ساتھ زیادتی کی، صادق آباد پولیس نے واقعہ پر مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔ ایس پی راول بیدار بخت گوندل (بقیہ نمبر 18)

12 سالہ لڑکے سے زیادتی کی کوشش کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) جاتلی پولیس نے 12 سالہ لڑکے سے زیادتی کی کوشش کرنے والا شخص گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق جاتلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 12 سالہ لڑکے سے زیادتی کی کوشش کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، مدعی مقدمہ کے مطابق ملزم نے میرے بھتیجے سے زیادتی کرنے کی کوشش کی، جاتلی پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی صدر نے کہا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کی ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے وفاقی وزیر سیفران، امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات کر رہے ہیں

ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ (بقیہ نمبر 20)

ڈی آئی جی اسلام آباد کے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کے دورے

جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے مسائل کے فوری حل کیلئے مؤثر اقدامات کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم اور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کے دورے کر کے سیکورٹی انتظامات، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لیے مؤثر اقدامات کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے شہر کے مختلف (بقیہ نمبر 21)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سوشل سیکورٹی موبائل ہیلتھ سسٹم کی افتتاحی تقریب میں بائیک پر موجود ادویات چیک کر رہی ہیں

آئی جی اسلام آباد کی ڈی ایس پی سی آئی اے سلیمان شاہ سے ملاقات

طالبہ لائبہ اعجاز کیس میں ملوث ملزم کو گرفتار کرنے والی پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہا

نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے منسٹریل اور کلیریکل اسٹاف میں بھی تعریفی اسناد تقسیم

میرٹ، شفافیت اور مؤثر سروس ڈیلیوری کو یقینی بنانا محکمہ کی ترجیحات میں شامل ہے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے ڈی ایس پی سی آئی اے سلیمان شاہ اور ان کی ٹیم سے ملاقات کی، ملاقات میں آئی جی اسلام آباد نے انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کی طالبہ لائبہ اعجاز کیس میں ملوث ملزم کو گرفتار کرنے والی سی آئی اے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہا، مزید براں نمایاں کارکردگی پر افسران اور منسٹریل اسٹاف میں تعریفی اسناد تقسیم کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے ڈی ایس پی سی آئی اے سلیمان شاہ اور ان کی (بقیہ نمبر 22)

گھریلو چوری کی واردات میں ملوث دو خواتین سمیت تین ملزمان گرفتار

قبضے سے چھ کروڑ روپے مالیت کے ہیرے، طلائی زیورات اور نقدی برآمد کر لی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ کوہسار نے گھریلو چوری کی واردات میں ملوث دو خواتین سمیت تین ملزمان گرفتار کر کے قبضے سے چھ کروڑ روپے مالیت کے ہیرے، طلائی زیورات اور نقدی برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس تھانہ کوہسار پولیس ٹیم نے گھریلو چوری کی واردات میں ملوث دو خواتین سمیت تین ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے چھ کروڑ روپے مالیت کے مسروقہ ہیرے، طلائی زیورات اور (بقیہ نمبر 24)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ شہریوں کی شکایات سنیں اور ان کے فوری حل کیلئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں

راولپنڈی، سکول کے بچوں کو ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم

ٹریفک قوانین کو سمجھ کر ان پر ذمہ داری کے ساتھ عمل پیرا ہونا مہذب قوم کی پہچان ہے

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کی ہدایات پر انچارج ٹریفک ایجوکیشن ونگ انسپکٹر طاہرہ کنول کا اپنی ٹیم کے ہمراہ تعلیمی اداروں میں ٹریفک قوانین و روڈ سیفٹی کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ انچارج ٹریفک ایجوکیشن ونگ نے سکول کے بچوں کو، ٹریفک سائن بورڈز، زیبرا کراسنگ، سٹاپ لائن، (بقیہ نمبر 23)

آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری، پاکستان بال اینڈ ڈیک ہاکی ٹیم کے اسپورٹس آفیسر اے ایس آئی شاہد حسین کو سنٹرل پولیس آفس میں ٹرافی دے رہے ہیں

کانسٹیبل امیر داد شہید کی صاحبزادی کی شادی، راولپنڈی پولیس کی شرکت

ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز اور دیگر پولیس افسران نے شہید کی فیملی کے ہمراہ بارات کا استقبال کیا

راولپنڈی (این این آئی) کانسٹیبل امیر داد شہید کی صاحبزادی کی شادی کی تقریب میں راولپنڈی پولیس نے شرکت کی، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز اور دیگر پولیس افسران نے شہید کی فیملی کے ہمراہ بارات کا استقبال کیا۔ تفصیلات کے مطابق کانسٹیبل امیر داد شہید کی صاحبزادی کی شادی کی تقریب میں راولپنڈی پولیس کی شرکت، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز اور دیگر پولیس افسران نے شہید کی فیملی کے ہمراہ بارات کا استقبال کیا، پولیس افسران شہید کے اہل خانہ سے ملے اور شہید کی صاحبزادی کے سر پر دست شفقت رکھا، افسران نے (بقیہ نمبر 25)

جنسی زیادتی کے جھوٹے مقدمات درج کرانے والوں کیخلاف کارروائی

7 مقدمات کے مدعیان اور گواہوں کے خلاف مقدمات درج کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جنسی زیادتی کے جھوٹے مقدمات درج کرانے اور بعد میں مبینہ طور پر رقم لے کر ملزمان کے حق میں بیانات دینے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا فیصلہ کیا ہے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے اینٹی ریپ ایکٹ کے تحت 7 مقدمات کے مدعیان اور گواہوں کے خلاف مقدمات درج کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق ڈی آئی جی علی وسیم نے کہا ہے کہ جنسی زیادتی کے (بقیہ نمبر 26)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

راولپنڈی، 4 لاکھ 16 ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کی کاشت کا ہدف مقرر

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کیپٹن (ر) طیب سمیع خان کی زیر صدارت اجلاس، گندم کی کاشت کے فروغ اور پیداوار میں اضافے کے اقدامات کا جائزہ

اجلاس میں جدید زرعی طریقوں، کاشتکاروں کی تربیت اور فی ایکڑ پیداوار بڑھانے کے اقدامات پر بریفنگ دی گئی

راولپنڈی (این ای این) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو راولپنڈی کیپٹن ریٹائرڈ طیب سمیع خان کی زیر صدارت گندم کی کاشت کے فروغ اور پیداوار میں اضافے کے لیے ممکنہ طور پر کیے جانے والے اقدامات بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس ڈی سی آفس راولپنڈی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں گندم کی کاشت کے فروغ اور پیداوار میں اضافے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ زراعت کے حکام نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع راولپنڈی میں سال 2026-27 کے (بقیہ نمبر 6)

لاہور: منیجنگ ڈائریکٹر نیشنل گرڈ پاکستان انجینئر الطاف حسین ملک اور چیئرمین ٹیوٹا بریگیڈیئر (ر) محمد ساجد کھوکھر مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں

ٹیکسٹائل انڈسٹری کو درپیش بحران، وزارت تجارت میں ہنگامی اجلاس آج طلب

لاہور (این این آئی) برآمدات میں کمی کے باعث ٹیکسٹائل انڈسٹری کو درپیش بحران پر وزارت تجارت نے ہنگامی اجلاس آج (منگل) کے روز طلب کر لیا جس میں ٹیکسٹائل سیکٹر کی نمائندہ مختلف ایسوسی ایشنز کے عہدیداروں کے علاوہ متعلقہ وزارتوں، وزارت صنعت پنجاب اور اعلیٰ ایف بی آر حکام سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز شریک ہوں گے۔

ضلع جہلم ویلی میں ہفتہ صفائی مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا

صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنے کے لیے مشترکہ اقدامات کا آغاز

جہلم ویلی (این این آئی) جہلم میں ہفتہ صفائی مہم کا باقاعدہ افتتاح، صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنے کے لیے مشترکہ اقدامات کا آغاز، ضلع جہلم ویلی میں ہفتہ صفائی مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ مہم کا افتتاح اسسٹنٹ کمشنر جہلم ویلی کامران خان نے بلدیہ، سول سوسائٹی اور متعلقہ اداروں کے تعاون سے کیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر بلدیہ ابرار مغل سمیت (بقیہ نمبر 27)

پاکستان سے ریاض کی 34 پروازیں منسوخ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے تمام ایئر پورٹس سے سعودی دارالحکومت ریاض کی 34 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق کراچی سے ریاض ایئر پورٹ کی تمام 6 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ اسلام آباد سے کنگ خالد ایئر پورٹ ریاض کی 14 پروازیں منسوخ ہوئی ہیں۔ لاہور سے ریاض کی 12 جبکہ پشاور سے 2 پروازیں منسوخ کی گئی ہیں۔ کراچی سے مدینہ اور دمام ایئر پورٹ کی 4 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ لاہور (بقیہ نمبر 28)

تربیتی طیارے کے حادثے میں پائلٹس کے جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا شہید پائلٹس کے خاندانوں سے اظہار ہمدردی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے میں پائلٹس کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شہید پائلٹس کے خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے دوران ڈیوٹی جام شہادت نوش کرنے والے میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کیلئے خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

مری، 15 نومبر سے تمام فیسیلیٹیشن سینٹرز مکمل فعال کرنے کا حکم

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیرِ صدارت اجلاس میں سرمائی سیزن اور متوقع برف باری کے انتظامات کا جائزہ

شہریوں اور سیاحوں کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، انتظامات میں غفلت، سستی یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

لاہور، لاہور بار ایسوسی ایشن اور لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے مشترکہ اجلاس سے صدر لاہور بار عرفان حیات باجوہ خطاب کر رہے ہیں

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیرِ صدارت ڈی سی آفس مری میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں متوقع برف باری اور سرمائی سیزن کے دوران شہریوں اور سیاحوں کے جان و مال کے تحفظ، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے، بروقت امدادی کارروائیوں اور سنو فال ایمرجنسی کور پلان پر عمل درآمد کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ 15 نومبر سے تمام فیسیلیٹیشن سینٹرز کو مکمل فعال کیا جائے اور وہاں ضروری (بقیہ نمبر 7)

کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد ہوگا

سافٹ امیج کو اجاگر کرنے کے لیے مؤثر کردار ادا کریں، فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد ہوگا۔ گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی سے خیبر پختونخوا ایڈوائزر کونسل کی رکن ثمر ہارون بلور نے ملاقات کی۔ فیصل کریم کنڈی نے (بقیہ نمبر 29)

محکمہ صحت میانوالی میں محکمانہ بے ضابطگیوں کے سنسنی خیز انکشافات

میانوالی (این این آئی) محکمہ صحت میانوالی میں عارف پاولی نامی نائب قاصد کے خلاف مبینہ ہراسانی، بلیک میلنگ، اختیارات کے ناجائز استعمال، محکمانہ بے ضابطگیوں کے مبینہ طور پر سنسنی خیز انکشافات منظر عام پر آئے ہیں، مبینہ طور پر متاثرہ ملازمین اور درخواست شکایات کنندگان کی جانب سے متعلقہ حکام کو دی گئی ایک مبینہ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ پانچ اکتوبر 2026 کو ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (پریوینٹو سروسز) (بقیہ نمبر 30)

کوئٹہ میں نجی اسکولز میں چھٹیوں کی فیس وصولی پر پابندی عائد

بلوچستان ہائیکورٹ کے فیصلے کی روشنی میں باضابطہ نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ڈپٹی کمشنر ویسٹ نے نجی اسکولز میں چھٹیوں کی فیس وصولی پر پابندی عائد کر دی۔ بلوچستان ہائیکورٹ کے فیصلے کی روشنی میں باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، ڈی سی منیر احمد درانی نے اسکولز کو عدالتی فیصلے پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کر دی۔ چھٹیوں کی فیس وصولی سے متعلق پابندی کا اطلاق نوٹیفکیشن کے تحت ہوگا۔ حکام کے مطابق چھٹیوں کے دوران فیس وصول کرنے والے نجی اسکولوں کے خلاف سخت کارروائی (بقیہ نمبر 31)

لاہور: منیجنگ ڈائریکٹر پی ایچ اے لاہور احمد عثمان جاوید ہارٹی کلچر ورک کا معائنہ کر رہے ہیں

ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی جیل میں وکلا سے ملاقات کرانے کا حکم

اسلام آباد (اے ایف پی) انسداد دہشت گردی عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف بیریئر ہٹانے کے دہشت گردی کے مقدمے میں وکلاء کی ملزمان سے جیل میں ملاقات کرانے کا حکم دے دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی، اس موقع پر ڈاکٹر شیریں مزاری، ایڈووکیٹ ریاست علی آزاد اور ایڈووکیٹ ایمل خان عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے ریاست علی آزاد، زینب (بقیہ نمبر 32)

میٹرک دوسرے سالانہ امتحان 2026ء میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے مانیٹرنگ سخت

چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی کی نگرانی میں امتحانی مراکز کی آن لائن مانیٹرنگ اور انسپکشن جاری، امتحانی قواعد کی خلاف ورزی پر کارروائی کا فیصلہ

کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان کے دورے کے دوران گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج اٹک میں امیدوار نقل کرتے ہوئے پکڑا گیا

راولپنڈی (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے تعلیمی وژن اور صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی خصوصی دلچسپی کے تحت میٹرک دوسرا سالانہ امتحان 2026 میں شفافیت، میرٹ اور امتحانی قواعد پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ امتحانی نظام میں ہر امیدوار کو یکساں مواقع کی فراہمی اور نقل کی روک تھام کو خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے۔ چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود کی متحرک قیادت، بروقت فیصلوں اور مؤثر نگرانی کے تحت امتحانی (بقیہ نمبر 8)

پورا خیبر پختونخوا پُرامن ہے، جعلی ویڈیوز کی سمجھ آ جاتی ہے، محسن نقوی

خیبر پختونخوا پولیس دہشت گردی کے خلاف شہادتیں دے رہی ہے، وفاقی وزیر داخلہ

پشاور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پورا خیبر پختونخوا پُرامن ہے، جعلی ویڈیوز کی سمجھ آ جاتی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس دہشت گردی کے خلاف شہادتیں دے رہی ہے، پولیس، آرمی اور مشاورتی کونسل نے مل کر کام کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہی فورس ہے آپ دیکھیں گے کہ ان کو جب حکومت لیڈ کرے گی تو اچھے نتائج ملیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ ہماری نیت صاف ہے، ہم آپ کے ساتھ ہیں، کور کمانڈر اور جس طرح کور کمانڈر صاحب پولیس کے لیے سوچ رہے ہیں، اس کی ستائش کروں گا، اللہ ان کو کامیاب کرے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ دہشت گردی سے نجات (بقیہ نمبر 33)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوایں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035